لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

ABC CERTIFIED

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

عوامی محبت

قصور، پاکستان

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز

چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر

سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس

جلد نمبر 20 | جمعرات 24 جمادی الاول، 1448ھ 5 نومبر 2026ء، 22 کاتک 2080ب | شمارہ نمبر 131

امریکی وسط مدتی انتخابات، ڈیموکریٹس نے کانگریس کے دونوں ایوانوں میں اکثریت حاصل کرلی

ایران جنگ اور مہنگائی ریپبلکنز کی شکست کا سبب بنیں: ٹرمپ

نیویارک ٹائمز کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انتخابی نتائج کو قبول کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہوں، ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کسی مشترکہ لائحہ عمل پر کام کیا جاسکتا ہے

واشنگٹن: (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی انتخابات کے نتائج تسلیم کرنے کا اعلان کردیا، انہوں نے کہا کہ ایران جنگ اور مہنگائی ریپبلکنز کی شکست کی وجہ بنی۔ نیویارک ٹائمز کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انتخابی نتائج کو قبول کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہوں، ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کسی مشترکہ لائحہ عمل پر کام کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیموکریٹک پارٹی کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لئے تیار ہوں، ممکن ہے دونوں جماعتیں کسی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

لکی مروت، پولیس کا کامیاب آپریشن، خودکش بمبار سمیت 2 خوارج ہلاک

ایک زخمی ساتھی فرار، دہشت گردوں کی گاڑی سے اسلحہ، تحریک طالبان کا جھنڈا، خواتین کے برقعے اور دیگر مشکوک اشیاء برآمد

لکی مروت (سٹاف رپورٹر) لکی مروت میں گنڈی چوک پر پولیس نے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے خودکش بمبار سمیت 2 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ پولیس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

ایک ریٹائرڈ جج آئین اور قانون کے خلاف مؤقف پیش کر رہا ہے، ترجمان الیکشن کمیشن

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن نے جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کے ایک غیر ملکی ٹی وی چینل کو دیئے گئے انٹرویو پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ریٹائرڈ جج (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف حسن ابدال میں اپنی چھت اپنا گھر کے تحت مکان بنانے والے ریٹائرڈ حوالدار اعتبار شاہ کے گھر کا علامتی افتتاح کر رہی ہیں۔

وفاقی کابینہ نے 10 روپے کا سکہ متعارف کرانے کی منظوری دے دی

سپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ امریکی حکومت بلیک میل کرنے والوں کے مفادات کیلئے کام کرے گی تو اسے شکست ہوگی۔

امریکی عوام نے ضمیر کی آواز سنی اور واضح طور پر جنگ کو مسترد کر دیا ہے، ہم بھی امریکی عوام کے اس پیغام کی حمایت کرتے ہیں

تہران: (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکی عوام نے جنگ کے خلاف فیصلہ دے دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ امریکی عوام نے ضمیر کی آواز سنی اور واضح طور پر جنگ کو مسترد کر دیا ہے، ہم بھی امریکی عوام کے اس پیغام کی حمایت کرتے ہیں۔ سپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ امریکی حکومت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

سعودی عرب کے ساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور: وزیر خزانہ

سعودی عرب کے ساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہوچکا ہے، سعودی عرب کے قرض کا معاملہ مناسب وقت تک کے لیے مؤخر ہوگیا ہے۔

محمد اورنگزیب نے کہا کہ اس حوالے سے سعودی وزیر خزانہ کے ساتھ بہت اچھی میٹنگ ہوئی، سعودی عرب کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں، ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں

اسلام آباد: (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ 3 ارب ڈالر قرض رول اوور ہوچکا ہے، سعودی عرب کے قرض کا معاملہ مناسب وقت تک کے لیے مؤخر ہوگیا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ اس حوالے سے سعودی وزیر خزانہ کے ساتھ بہت اچھی میٹنگ ہوئی، سعودی عرب کے ساتھ ہمارے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

منگلا ڈیم سے ملی نوجوان کی لاش و قتل کا معمہ حل، 2 سگے بھائی گرفتار

میر پور (سٹاف رپورٹر) میرپور پولیس نے منگلا ڈیم سے مردہ حالت میں ملنے والے نوجوان وقاص الطاف کے مبینہ قتل کا معمہ 24 گھنٹوں میں حل کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے 2 سگے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

اسحٰق ڈار کی فاز میزائل کے کامیاب تجربہ پر پاک فضائیہ، سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

اسحاق ڈار کی اولیور بلاکو کو وینزویلا کا وزیر خارجہ و بین الاقوامی تجارت مقرر ہونے پر مبارکباد

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اولیور بلاکو کو وینزویلا کا وزیر خارجہ و بین الاقوامی تجارت مقرر ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 11)

وفاقی کابینہ نے ایمرجنسی کے دوران وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے اختیارات گورنر کو منتقل کرنے، ماہانہ رپورٹ پیش کرنے اور ایڈوائزری کونسل کی قیادت میں انتظامی امور بہتر بنانے کی منظوری دے دی

کے پی میں ایمرجنسی کے دوران وزیر اعلیٰ کے اختیارات گورنر کو منتقل کرنے کی منظوری

وفاقی کابینہ نے پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کی توثیق کردی، معاہدے کا مقصد دونوں برادر ممالک کے دفاعی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے

وفاقی کابینہ نے نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کی منظوری دے دی، جعلی نوٹوں کی روک تھام کیلئے سیکورٹی فیچرز بڑھانے اور جدید میٹریل استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کی مزید بہتری کے لیے وزیراعلیٰ کو تفویض شدہ اختیارات صوبے میں ایمرجنسی کی مدت کے دوران روزمرہ امور کی انجام دہی کے لیے گورنر خیبر پختونخوا کو منتقل کرنے کی منظوری دے دی۔ گورنر خیبر پختونخوا اختیارات کے استعمال کے حوالے سے ہر ماہ وفاقی حکومت کو جائزہ رپورٹ پیش کریں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

وفاقی وزیر صحت نے اسلام آباد کے شہریوں کیلئے ہیلتھ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح کردیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف امیونائزیشن میں ہیلتھ کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح کردیا۔ وزارت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

ڈنہانگ ایکسپو، پاکستانی مصنوعات چینی صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئیں

ڈنہانگ (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی ہاتھ سے تیار کردہ گلابی لکڑی، پیتل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

ملکی آئی ٹی گریجویٹس اور پیشہ ور افراد کیلئے وزیراعظم آئی ٹی سرٹیفیکیشن ری ایمرسمنٹ پروگرام کا باضابطہ آغاز

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)



لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین سے چین کے سرمایہ کاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

دہشتگردوں کیخلاف کامیاب آپریشنز فورسز کی اعلیٰ مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہیں: حنیف عباسی

سکیورٹی فورسز نے بروقت اور انتہائی مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا، وزیر ریلوے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان کے اضلاع کچھی اور خاران میں کامیاب آپریشنز کے دوران 17 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)



لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم سنٹرل پولیس آفس میں پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے مسائل سن رہے ہیں۔

سالک حسین کرپشن الزامات کے ثبوت دیں یا معافی مانگیں: عظمیٰ بخاری

وفاقی وزیر اور حکومت کا حصہ ہونے کے باوجود ثبوت کے بغیر بے بنیاد الزامات لگانا انہیں زیب نہیں دیتا۔

انہوں نے سوال اٹھایا کہ سالک حسین خود کہہ چکے ہیں کہ ان کے پاس شواہد نہیں، لیکن دوسری جانب انہوں نے الماریاں بھرنے کے الزامات لگائے ہیں، اب انہیں اس کا جواب دینا ہوگا۔

(لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سالک حسین وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے متعلق معافی مانگیں۔ صوبائی دارالحکومت سے جاری اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر اور حکومت کا حصہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو کا قانونی قبضہ حاصل کرلیا: محسن نقوی

ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو سے متعلق جے آئی ٹی رپورٹ کی کابینہ نے منظوری دے دی ہے جس کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے عمارت کا قانونی طور پر قبضہ حاصل کرلیا

وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں بڑے پیمانے پر بے دردی سے سرکاری زمینوں پر قبضے کیے گئے، بعض علاقوں میں لوگوں نے گھروں کے لان تک پر قبضے کر رکھے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو سے متعلق جے آئی ٹی رپورٹ کی کابینہ نے منظوری دے دی ہے جس کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے عمارت کا قانونی طور پر قبضہ حاصل کرلیا۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ آئندہ چند ماہ میں ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو کو فائیو سٹار ہوٹل میں تبدیل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 15)



لاہور: مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈار اپنے بیٹے ابراہیم کے ہمراہ میوزک اکیڈمی میں آٹزم سے آگاہی اور خصوصی بچوں کو سماجی قبولیت کا پیغام دے رہے ہیں۔



اقوام متحدہ میں پاکستان کی پیش کردہ 3 قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور

تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی کے امور سے متعلق جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی پیش کردہ قراردادوں کی منظوری دی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اقوام متحدہ کی 81 ویں جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ تین قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور کر لی ہیں۔ قراردادیں جوہری ہتھیار نہ رکھنے والی ریاستوں کے لئے سلامتی کی یقین دہانیوں، علاقائی اسلحہ کنٹرول اور اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق پاکستان کی دیرینہ کوششوں کی عالمی برادری کی جانب سے مسلسل حمایت کا مظہر ہیں۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر ترجمان دفتر خارجہ کی پوسٹ کے مطابق تخفیف اسلحہ اور بین (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 25)

خیبر پختونخوا میں ٹرانسفارمر بیسڈ لوڈ مینجمنٹ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ

نئے نظام سے بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرنے والے صارفین کو لوڈشیڈنگ میں ریلیف مل سکے گا

پشاور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر توانائی اویس احمد لغاری نے گورنر فیصل کریم کنڈی کو زیادہ نقصانات والے علاقوں میں لوڈشیڈنگ کم کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے خیبر پختونخوا میں ٹرانسفارمر بیسڈ لوڈ مینجمنٹ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ کرلیا۔ نئے نظام کے تحت پورے فیڈر کے بجائے انفرادی ٹرانسفارمرز کی سطح پر لوڈ مینجمنٹ کی جائے گی جبکہ نئے نظام سے بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرنے والے صارفین کو لوڈشیڈنگ میں ریلیف مل سکے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 24)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیری یوم شہدا جموں (کل) منائیں گے

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیری یوم شہداء جموں (کل) 6 نومبر کو منائیں گے یہ دن جموں کے شہدا کی یاد میں منایا جاتا ہے 6 نومبر 1947 کو ڈوگرہ فوج اور ہندو بلوائیوں نے ہجرت کرکے پاکستان آنے جموں کے مسلمانوں کو ایک سازش کے تحت قتل کیا تھا جن کی تعداد دو لاکھ سے زائد تھی، ان مظلوم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

عوام کی خدمت ایک بڑی ذمہ داری ہے اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)



لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو وائس چانسلر محمد عمر چوہدری گورنمنٹ کالج میں ڈیجیٹائزیشن بارے بریفنگ دے رہے ہیں۔



لاہور: صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق چانسلر الغزالی یونیورسٹی مفتی عبدالرحیم سے ملاقات کر رہے ہیں۔



سیاسی و سماجی رہنماؤں کی ایم این اے میاں سعد وسیم شیخ سے ملاقات

ملاقات میں باہمی روابط کے فروغ، عوامی خدمت اور علاقے کی بہتری کے لیے مل جل کر مثبت کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا

قصور (ڈاکٹر مہر عتیق انور) معروف سیاسی و سماجی وصحافتی رہنماؤں نے شیخ حبیب، یوسف ثقلین، طارق سعید خان، سعید بھٹی، جاوید نامدار اور میاں محمود نے میاں وسیم اختر شیخ صدر لاہور ڈویژن اور میاں سعد وسیم شیخ ایم این اے قصور، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے فنانس و ریونیو نے برج سے ان کی رہائش گاہ پر خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی صورتحال اور عوامی مسائل کے حوالے سے خوشگوار ماحول میں تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں باہمی روابط کے فروغ، عوامی خدمت اور علاقے کی بہتری کے لیے مل جل کر مثبت کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا۔ اس موقع پر شیخ سعد وسیم نے کہا کہ عوامی خدمت، باہمی احترام اور مضبوط روابط ہی کامیاب سیاسی و سماجی تعلقات کی بنیاد ہیں۔

وزیراعظم آزاد کشمیر کا راولاکوٹ میں امن وامان اور انتظامی امور کا جائزہ

سی ایم ایچ راولاکوٹ کا بھی خصوصی دورہ، فسادی جتھوں کے ہاتھوں زخمی اہلکاروں اور شہریوں کی عیادت، خیریت دریافت کی

راولاکوٹ (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سید افتخار گیلانی نے راولاکوٹ کا دورہ کیا، جہاں انہیں پولیس لائنز میں امن وامان کی صورتحال اور انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے سی ایم ایچ راولاکوٹ کا بھی خصوصی دورہ کیا اور فسادی جتھوں کے ہاتھوں زخمی ہونے والے اہلکاروں اور شہریوں کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اور محکمہ ہائر ایجوکیشن کا صنفی تشدد کے خلاف 16 روزہ مہم میں اشتراک کا فیصلہ

24 نومبر سے شروع ہونے والی مہم میں پنجاب بھر کی یونیورسٹیاں حصہ لیں گی، سیمینارز، ورکشاپس اور آگاہی سرگرمیاں منعقد ہوں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی (پی ڈبلیو پی اے) اور محکمہ ہائر ایجوکیشن پنجاب نے صنفی تشدد کے خلاف 16 روزہ آگاہی مہم کو مؤثر بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ مہم کا آغاز 24 نومبر سے ہوگا، جس کا نعرہ ”عہد سے عمل تک: محفوظ عورت، مضبوط پنجاب“ مقرر کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں منعقدہ ویڈیو لنک اجلاس میں چیئرپرسن پنجاب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

بریت کے باوجود پولیس بھرتی سے نااہلی غیر قانونی قرار، 6 اہم اصول طے

چیف جسٹس امین الدین خان نے پولیس میں ڈرائیور کانسٹیبل کی بھرتی سے متعلق کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی آئینی عدالت نے سرکاری ملازمتوں میں بھرتی سے قبل امیدواروں کے کردار اور سابقہ مقدمات کی جانچ پڑتال کے لیے 6 اصول طے کر دیے ہیں۔ عدالت نے قرار دیا ہے کہ محض ایف آئی آر کا اندراج کسی امیدوار کو سرکاری ملازمت کے لیے خود بخود نااہل قرار دینے کی بنیاد نہیں بن سکتا۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے پولیس میں ڈرائیور کانسٹیبل کی بھرتی سے متعلق کیس کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے بریت کے باوجود امیدوار کو بھرتی سے نااہل قرار دینے کا نوٹیفکیشن اور لاہور ہائیکورٹ ملتان بینچ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ وفاقی آئینی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 19)

سپریم کورٹ، جعلی ڈگری سے متعلق کیس میں جمشید دستی کی ضمانت میں 16 نومبر تک توسیع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے جمشید دستی کی جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی کیس میں ان کی ضمانت میں 16 نومبر تک توسیع کردی۔ سپریم کورٹ نے 3 رکنی بینچ کی تشکیل کے لیے معاملہ چیف جسٹس کو بھجوا دیا، جسٹس ملک شہزاد نے ریمارکس دیئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

رائے ونڈ عالمی تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ (آج) سے شروع

100 سے زائد ممالک کے مندوبین شرکت کریں گے، ہزاروں پولیس اہلکار ڈیوٹی پر مامور

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) رائے ونڈ میں سالانہ عالمی تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ آج بروز جمعرات سے شروع ہو رہا ہے، جس میں 100 سے زائد ممالک کے مندوبین سمیت ملک بھر سے لاکھوں فرزندان توحید شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق عالمی اجتماع کے لیے تمام تر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)



لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، لاہور اور راولپنڈی کمشنریٹ کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔



سٹی نیوز



لاہور۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ سید مودودی اسلامک سنٹر میں بلدیاتی الیکشن میں تاخیر، سموگ، ایل پی جی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ، صاف پانی کی عدم فراہمی سمیت دیگر شہری مسائل کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔ اس موقع پر صدر پبلک ایڈ کمیٹی قیصر شریف اور سیکرٹری شاہد نوید ملک بھی موجود ہیں۔

شہر لاہور بیڈ گورننس کی وجہ سے مسائلستان بن چکا ہے، ضیاء الدین انصاری

ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ شہر لاہور بیڈ گورننس کی وجہ سے مسائلستان بن چکا ہے۔ ایل پی جی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ سردیوں میں گیس کی قلت کے باعث شہری پہلے ہی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ گیس کی فراہمی کا بحران گرمیوں سے جاری ہے۔ گھریلو ایل پی جی سلنڈر کی قیمت تقریباً 7 ہزار 500 روپے تک پہنچ چکی ہے، حالانکہ اس کی سرکاری قیمت تقریباً 3 ہزار 500 روپے بنتی ہے۔ ایران سے بھی ایل پی جی درآمد کی جا رہی ہے، اس کے باوجود قیمتوں میں کمی کے بجائے اضافہ عوام کے لیے تشویش کا باعث ہے۔ پنجاب حکومت کی پرائس کنٹرول کمیٹیاں اور پیرا فورس ایل پی جی کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہیں۔ حکومت فوری طور پر سرکاری نرخوں پر ایل پی جی کی فروخت یقینی بنائے اور ناجائز منافع خوری کے خلاف مؤثر کارروائی کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سید مودودی اسلامک سنٹر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر پبلک ایڈ کمیٹی جماعت اسلامی لاہور قیصر شریف اور سیکرٹری پبلک ایڈ کمیٹی نوید ملک بھی موجود تھے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکومت نے عوام پر کچرا ٹیکس کا اضافی بوجھ ڈال دیا ہے اور اب اس ٹیکس کی عدم ادائیگی پر جرمانوں کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ صفائی کے نظام کو نجی شعبے کے حوالے کرنے کے باوجود لاہور کے مختلف علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر نظر آ رہے ہیں۔ شہر کی چند مرکزی شاہراہوں کی صفائی کو پورے لاہور کی صفائی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ حکومت ٹیکس اور جرمانے وصول کرنے کے بجائے شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے پر توجہ دے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں پینے کا صاف پانی شہریوں کے لیے ایک بڑا مسئلہ بن چکا ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں شہری صاف پانی خرید کر پینے پر مجبور ہیں۔ حکومت فوری طور پر پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائے، نئی واٹر سپلائی لائنیں بچھائی جائیں اور خراب و بوسیدہ پائپ لائنوں کی مرحلہ وار مرمت کی جائے۔ صاف پانی ہر شہری کا بنیادی حق ہے اور اس حق کی فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ امیر جماعت اسلامی لاہور نے کہا کہ شہر میں فضائی آلودگی اور سموگ کی شدت میں روزانہ کی بنیاد پر اضافہ ہو رہا ہے



محمد شہزاد بھٹی کی محمد خان مغل کو ن لیگ بہاولنگر کا سینئر نائب صدر بننے پر مبارکباد، پھولوں کے گلدستے اور مٹھائی پیش

بہاولنگر (خصوصی رپورٹر) محمد شہزاد بھٹی، ضلعی نائب صدر سوشل میڈیا ٹیم پاکستان مسلم لیگ (ن) بہاولنگر نے دوستوں کے ہمراہ معروف سیاسی وسماجی شخصیت محمد خان مغل سے ملاقات کی اور انہیں ن لیگ بہاولنگر کا سینئر نائب صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر انہیں پھولوں کا گلدستہ اور مٹھائی پیش کی گئی، جبکہ محلہ اسلام نگر میں جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کرنے والے وفد میں رحیم عارف خان، محمد ندیم، عدنان عرف دانی اور معروف سماجی شخصیت عابد حسین مسلہ شامل تھے۔

دفتر محتسب پنجاب نے تیسری سہ ماہی میں شہریوں کو 21 کروڑ 61 لاکھ سے زائد کے واجبات کی ادائیگی کرائی

80 شہریوں کو مالی امداد کی مد میں 8 کروڑ 94 لاکھ روپے، خاندانی پنشن کی مد میں 29 لاکھ 15 ہزار روپے ادا کیے گئے

لاہور (این این آئی) محتسب پنجاب کے مؤثر اور بروقت اقدامات کے نتیجے میں گزشتہ تین ماہ کے دوران صوبے بھر کے 269 شہریوں کو مجموعی طور پر 21 کروڑ 61 لاکھ روپے سے زائد کے زیر التواء واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی گئی۔ متعلقہ سرکاری محکموں کی جانب سے واجبات کی ادائیگی میں تاخیر یا انکار پر متاثرہ شہریوں نے محتسب پنجاب کے دفتر سے رجوع کیا۔ محتسب پنجاب نے ان شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ضروری ہدایات جاری کیں، جن پر عمل درآمد کے نتیجے میں شہریوں کو ان کی رقوم کی ادائیگی ممکن ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 80 شہریوں کو مالی امداد کی مد میں 8 کروڑ 94 لاکھ روپے، 30 شہریوں کو معاہداتی واجبات کی مد میں 2 کروڑ 67 لاکھ، 16 شہریوں کو پنشن کی مد میں 3 کروڑ 70 لاکھ روپے اور 8 شہریوں کو خاندانی پنشن کی مد میں 29 لاکھ 15 ہزار روپے ادا کیے گئے۔



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے دورے کے دوران جدید مشینری کا جائزہ لے رہے ہیں، سیکرٹری صحت عظمت محمود بھی ہمراہ ہیں

خلیجی خطے میں کشیدگی کے باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ

ستمبر کے دوران پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول عالمی منڈیوں میں برآمد کیے

لاہور (این این آئی) خلیجی خطے میں کشیدگی اور عالمی بحری راستوں میں رکاوٹوں کے باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، ستمبر 2026 میں پاکستان نے چاول کی برآمدات کے معاملے میں ویتنام کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول عالمی منڈیوں میں برآمد کیے، جبکہ دنیا کے تیسرے بڑے چاول برآمد کنندہ ملک ویتنام کی برآمدات 3 لاکھ 37 ہزار ٹن رہیں۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری نقل و حمل کو درپیش رکاوٹوں کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی چاول، خصوصاً باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی، جس کے نتیجے میں ملکی برآمدات میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی، یعنی جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران پاکستان کی چاول برآمدات کے مجموعی حجم میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 51 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

مولانا سمیع الحق شہید آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں، جے یو آئی (س)

آٹھ سال گزر چکے ہیں مولانا سمیع الحق شہید کے قاتل گرفتار نہ ہونا افسوسناک اور سوالیہ نشان ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مولانا سمیع الحق شہید آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں، آٹھ سال گزر چکے ہیں مولانا سمیع الحق شہید کے قاتل گرفتار نہ ہونا افسوسناک اور سوالیہ نشان ہے، ادارے ذمہ داری کا احساس کریں، مولانا سمیع الحق شہید کے قاتلوں کو گرفتار کر کے کٹہرے میں لائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مفکر اسلام مولانا سمیع الحق شہید کی شہادت سے ان کا نظریہ و فکر مخلوق خدا کے دلوں سے ختم نہیں کیا جا سکتا وہ نظریہ خدا کی زمین پر خدا کا نظام اور مملکت خداداد پاکستان کا دفاع و بقاء ہے

ایڈوانس اور ودہولڈنگ ٹیکس سے باہر نکل کر براہ راست ٹیکسوں پر توجہ دی جائے، جمیل اختر

آمدن پر ٹیکس عائد کرنے سے ٹیکس نیٹ وسیع، ریونیو شارٹ فال ختم، عوام پر مالی بوجھ کم کیا جا سکتا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر جمیل اختر بیگ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ایڈوانس ٹیکس اور ودہولڈنگ ٹیکس کے فرسودہ اور پیچیدہ نظام پر انحصار کم کر کے براہ راست ٹیکسوں کے فروغ کو اپنی اولین ترجیح بنانا چاہیے، ٹیکس وصولی کا موثر اور پائیدار نظام اسی وقت قائم ہو سکتا ہے جب حقیقی آمدن رکھنے والے افراد اور اداروں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام میں مختلف شعبوں اور عام شہریوں پر ایڈوانس اور ودہولڈنگ ٹیکسوں کے ذریعے بالواسطہ بوجھ ڈالنے کے بجائے اصل آمدن کی بنیاد پر ٹیکس وصولی کا نظام مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، اس حکمت عملی سے نہ صرف ٹیکس بیس اور ٹیکس نیٹ میں وسعت آئے گی بلکہ قومی خزانے کی آمدن میں بھی مستقل اضافہ ممکن ہو گا۔ جمیل اختر بیگ نے کہا کہ جب ٹیکس وصولی کا بوجھ چند مخصوص طبقات اور پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والے شہریوں تک محدود رکھنے کے بجائے حقیقی آمدن کے مطابق وسیع تر بنیادوں پر تقسیم کیا جائے گا تو ریونیو شارٹ فال پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔



لاہور: خانہ بدوش بچے تھیلے میں کارآمد اشیا اکٹھی کر کے لے جا رہے ہیں



نمازوں کے اوقات

نماز فجر	5:30
نماز ظہر	1:15
نماز عصر	4:00
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	7:00

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیراعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202977
واپڈا شکایات سنٹر	111000118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

پی سی	111-505-505
آواری	111-282-747
کراؤن پلازہ	111-808-111
رائل پام	111-602-602
سن فورٹ	35763813
ہالیڈے ان	36310077
ایمبیسڈر	36316821
لاہور جم خانہ	35756692-2
گیریژن کنٹری کلب	36660016
پنجاب کلب	36362138
لاہور پریس کلب	36364792

ایمرجنسی نمبرز

ایدھی کنٹرول	115
پولیس	15
ریلوے پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر بریگیڈ	16
پی آئی اے انکوائری	114
ریسکیو فورس	1122
ریلوے انکوائری	117
بم ڈسپوزل	99212111
سروسز ہسپتال	99203402-25
میو ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
فاطمید بلڈ بنک	35863950
جناح ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل کی سیٹ کے حتمی نتائج کے ساتھ ساتھ 8 حتمی نتائج کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل کی سیٹ کے حتمی نتائج کے ساتھ ساتھ 8 حتمی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کی سفارشات جاری کر دی ہیں۔ ترجمان پنجاب پبلک سروس کمیشن کے مطابق بورڈ آف ریونیو، پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں سافٹ ویئر ڈویلپر کی ایک آسامی کے لیے ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دے کر تقرری کے لیے سفارش کی گئی ہے۔ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں سینئر رجسٹرار پیڈیاٹرک اینستھیزیا کی 4 اسامیوں کے لیے 3 امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا ہے

منشیات کے خلاف جنگ میں پنجاب بھر کی یونیورسٹیوں کو متحرک کرنے، مشترکہ نیٹ ورک قائم کرنے کی تجویز

لاہور (این این آئی) صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد نے منشیات کی روک تھام کے لیے پنجاب بھر کی یونیورسٹیوں کا مشترکہ نیٹ ورک قائم کرنے اور پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے ساتھ قریبی تعاون کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کرنے کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے منشیات کی خرید و فروخت اور استعمال سے متعلق معلومات کے تبادلے، یونیورسٹیوں کے گردونواح میں انٹیلی جنس نیٹ ورک مؤثر بنانے اور منشیات تیار کرنے والوں و سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

محمد یاسین کو لاہور چیمبر کی قائمہ کمیٹی ایشیاء پیسفک اکنامک کوآپریشن کا کنوینر مقرر کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے ایگزیکٹو کمیٹی کے سینئر رکن محمد یاسین کو لاہور چیمبر کی قائمہ کمیٹی برائے ایشیاء پیسفک اکنامک کوآپریشن اور قائمہ کمیٹی برائے کاٹیج انڈسٹری کا کنوینر مقرر کر دیا۔ اس حوالے سے تقرری کے الگ الگ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محمد یاسین 30 روز کے اندر دونوں کمیٹیوں کے لیے 10،10 ارکان منتخب کریں گے۔ محمد یاسین نے لاہور چیمبر کی دو قائمہ کمیٹیوں کا کنوینر مقرر کرنے پر صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔

لاہور کی ہوا کے معیار میں 15 فیصد بہتری، اکتوبر میں پیک اے کیو آئی میں 28 فیصد کمی

لاہور (این این آئی) لاہور میں صوبائی حکومت کے ریئل ٹائم ایئر کوالٹی مانیٹرنگ پروگرام کے پہلے مکمل سال کے دوران چھ بڑے فضائی آلودگی کے عناصر میں مجموعی طور پر 15 فیصد خالص بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ اسی طرح اکتوبر 2026 میں شہر کا پیک ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 28 فیصد کم رہا۔ یہ اعداد و شمار محکمہ ماحولیاتی تحفظ و موسمیاتی تبدیلی (ای پی سی سی ڈی) کی رپورٹ میں سامنے آئے ہیں۔ محکمے کے مطابق یہ بہتری کسی ایک عنصر میں تبدیلی کی بجائے چھ بڑے فضائی آلودگی کے عناصر بالخصوص فائن پارٹیکولیٹ میٹر (پی ایم 2.5) سمیت دیگر آلودگی میں کمی کی وجہ سے ہوئی ہے۔

ذاتی حملوں کے بجائے حکومتی کارکردگی کا حساب دیا جائے، پاکستان مسلم لیگ (ق)

حقیقت یہ ہے حکومتی کارکردگی پر متعدد سنجیدہ سوالات موجود ہیں، جواب دینا حکومت کی ذمہ داری ہے، صادق شیخ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کی مرکزی مجلس عاملہ کے سینئر رکن محمد صادق شیخ نے صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوہدری سالک حسین کے جائز سیاسی موقف کا جواب دینے کے بجائے ذاتی نوعیت کے طنزیہ جملے اور غیر مناسب زبان استعمال کرنا سیاسی کم ظرفی اور عدم برداشت کا مظہر ہے، حکومتی ذمہ داران کو اختلاف رائے کا جواب ذاتی حملوں سے نہیں بلکہ ٹھوس دلائل، مستند اعداد و شمار اور حکومتی کارکردگی سے دینا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک حسین وفاقی وزیر اور ایک قدآور سیاسی رہنما ہیں، انہیں قومی وسائل کے استعمال، ترقیاتی منصوبوں کی تقسیم، سرکاری اخراجات اور انتظامی معاملات پر سوال اٹھانے کا مکمل آئینی اور جمہوری حق حاصل ہے، کسی حکومتی شخصیت کو یہ اختیار نہیں کہ وہ تنقیدی آواز کو طنز و تضحیک کے ذریعے دبانے کی کوشش کرے۔ محمد صادق شیخ نے کہا کہ گجرات میں 12 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا دعویٰ اپنی جگہ ہے، مگر اصل سوال یہ ہے کہ ان منصوبوں پر کتنی شفافیت سے عملدرآمد ہوا، عوام کو ان کا کتنا فائدہ پہنچا اور ترقیاتی وسائل کی تقسیم میں دیگر علاقوں کو کس حد تک ترجیح دی گئی؟ محض اربوں روپے کے اعلانات کر دینے سے حکومتی کارکردگی ثابت نہیں ہوتی، بلکہ عوام کو عملی نتائج دکھانا پڑتے ہیں۔



لاہور: پاکستان انڈسٹریل ایکسپو 2026 کے انعقاد کے حوالے سے مسٹر فاونین اور ڈپٹی جنرل منیجر ذیشان ہاشمی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کا پنجاب میں تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ، فریال تالپور کو اہم ذمہ داری سونپ دی گئی

فریال تالپور ماہانہ بنیادوں پر پنجاب آئیں گی، پارٹی کو فعال بنانے کیلئے مختلف شہروں کا دورے کریں گی

لاہور (این این آئی) مقامی حکومتوں کے انتخابات قریب آتے ہی پاکستان پیپلز پارٹی نے پنجاب میں اپنی تنظیمی سرگرمیاں تیز کرتے ہوئے پارٹی کے ویمن ونگ کی سربراہ اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی ہمشیرہ فریال تالپور کو پنجاب میں پارٹی کے تنظیمی امور کی نگرانی کی اہم ذمے داری سونپ دی ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق فریال تالپور اس ذمے داری کے تحت صوبے میں پارٹی کو متحرک کرنے اور تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے اپنا کردار بڑھائیں گی۔ ذرائع کے مطابق فریال تالپور 10 یا 11 نومبر کو لاہور کا دورہ کر سکتی ہیں جس کے لیے ملاقاتوں کا باقاعدہ شیڈول بھی تیار کیا جا رہا ہے۔ دورے کے دوران وہ ضلعی سطح پر پارٹی تنظیموں کے عہدیداروں سے ملاقاتیں کریں گی۔ ذرائع کے مطابق فریال تالپور کا پنجاب میں قیام تقریباً 10 روز پر محیط ہو گا اس دوران وہ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں اور پارٹی کارکنوں سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ پارٹی ذرائع نے بتایا کہ فریال تالپور کے پنجاب کے دورے اب ماہانہ بنیادوں پر ہوا کریں گے اور وہ پارٹی کو فعال بنانے اور تنظیمی سرگرمیوں کو مضبوط کرنے کے لیے صوبے کے مختلف شہروں کا دورہ کریں گی۔

قلعہ عبداللہ کلی تنگ مسے زئی سانحہ پیش آنے والے واقعے کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہیں، مولانا قاری مہر اللہ

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہر اللہ، جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، سرپرست ملا نا فدا محمد، ضلعی امیر قلعہ عبداللہ مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی، جنرل سیکرٹری حاجی محمد انور، مولانا عمر شاہ، مولانا سید محمد ہاشم آغا، حاجی جلال الدین حاجی محمد یحییٰ، عبدالقادر گلستانی، مفتی حسام الدین، سید نثار آغا، مولوی کریم خان نے قلعہ عبداللہ کلی تنگ مسے زئی سانحہ پیش آنے والے واقعے کی شدید الفاظ سے مذمت کرتے ہوئے کہا کہ قلعہ عبداللہ کلی تنگ مسے زئی سانحہ حکومت کی غفلت اور ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ حنفیاء کاکڑ اور ان کے بیٹے ولی کاکڑ کی بے دردی سے شہادت اور دیگر افراد کے اغوا کی دلخراش واقعہ پر جمعیت نظریاتی اس غم میں برابر کی شریک ہے صوبائی حکومت ملک میں امن و امان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ حکومت عوام کو تحفظ نہیں دے سکتے ہیں تو مستعفی ہو جائے قتل و بدامنی کی واقعات پر حکومت کی اقدامات مذمتی بیانات تک رہ چکی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہر چند کلومیٹر پر چیک پوسٹیں قائم ہیں ان سیف سٹی کیمروں اور ایک درجن اداروں کی موجودگی میں تاجر اور عوام کو جان سے ہاتھ دھونے پڑ رہے ہیں۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا زیر تعمیر برکی روڈ کا دورہ

برکی روڈ پر سڑک کی تعمیر کا مجموعی طور پر 45 فیصد کام مکمل، تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز زیر تعمیر برکی روڈ کا دورہ کیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، پراجیکٹ ڈائریکٹر، ایس ڈی او لیسکو اور اسسٹنٹ کمشنر کینٹ نے بریفنگ دی۔ برکی روڈ پر سڑک کی تعمیر کا مجموعی طور پر 45 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے، بقیا کام جاری ہے۔ برکی روڈ پر سڑک کو چوڑا کیا گیا ہے، 2 لین سے چوڑا کر کے 6 لین سڑک بنائی جا رہی ہے۔ برکی روڈ کے 60 فیصد حصہ پر واٹر باؤنڈ ڈالا گیا ہے، بقیا پر کام جاری ہے۔ برکی روڈ کے 1.6 کلومیٹر حصے میں 108 بجلی کے کھمبے منتقل ہوں گے، 108 میں سے 24 کھمبے سڑک کے درمیان ہیں، جن کے متبادل کھمبے لیسکو نے سڑک کے اطراف لگائے ہیں۔ سروسز کی منتقلی کے لیے سڑک کے اطراف لیسکو کی جانب سے نئے کھمبے نصب کیے جا چکے ہیں۔ بجلی کے کھمبوں کی منتقلی کا عمل لیسکو کے شیڈول کے مطابق شٹ ڈاؤن کے بعد آئندہ چند روز میں کیا جائے گا۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے لیسکو حکام کو بقیہ کھمبے جلد منتقل کرنے کی ہدایت کی۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے لیسکو اور واسا کی جانب سے سڑک کی تعمیر میں درپیش چیلنجز بارے بریفنگ دی۔ سڑک کے جس حصہ پر سیوریج لائن ڈالنے کا مسلہ ہے وہاں ترقیاتی کام میں مزید تاخیر رہے گی۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ترقیاتی کاموں کے دوران پانی کا چھڑکاؤ جاری رکھنے کی ہدایت کی۔



لاہور: کاہنہ کے رہائشی قبضہ گروپ کے خلاف لاہور پریس کلب کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

امریکہ کی جارحانہ پالیسیوں سے عالمی امن شدید خطرات سے دوچار ہے، مولانا عبدالقادر

جنگ نے ہمیشہ خطوں کو تباہی، بربادی اور عدم استحکام کے سوا کچھ نہیں دیا

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی نائب امیر مولانا عبداللہ ڈھیر، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ امریکہ کی جارحانہ پالیسیوں سے عالمی امن شدید خطرات سے دوچار، مسلم دنیا کو تباہی، پراکسی جنگوں اور معاشی بحران کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ امریکہ کی جانب سے مسلسل جارحانہ پالیسیاں اور بیرونی مداخلت عالمی اور بالخصوص علاقائی امن و سلامتی کے لیے سنگین خطرے کا باعث بن چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگ نے ہمیشہ خطوں کو تباہی، بربادی اور عدم استحکام کے سوا کچھ نہیں دیا۔ امریکی جارحانہ پالیسیوں کی وجہ سے اس وقت خطے میں امن و امان کی تباہی اور سلامتی کے لیے خطرے کی گھنٹیاں بج رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ نے نام نہاد دہشت گردی کے نام پر پہلے ہی اس خطے کا امن مکمل طور پر برباد کر دیا ہے اور اب مزید بدامنی کی آگ کو طول دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس جنگ کے نام پر لاکھوں بے گناہ مسلمانوں کا خون بہایا گیا اور پورا خطہ دہائیوں پر محیط عدم استحکام کا شکار ہو گیا۔ امریکہ نے عالم اسلام سے نہ صرف امن و سکون چھین لیا گیا ہے بلکہ ان کی معیشت، دفاعی صلاحیت اور ترقی و خوش حالی کو خانہ جنگی، پراکسی وارز اور سیاسی عدم استحکام کی سازشوں سے چھینا گیا انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک اس وقت خونریز خانہ جنگی اور پراکسی جنگوں کا شکار ہیں۔



لاہور: جناح پولو فیلڈز جے پی الفاتائن پولو کپ 2026 کے پہلے روز ڈائمنڈ پینٹس امپریل اور لوٹو کارپٹس سنگاپور کے درمیان میچ کا منظر

لاہور کی گروتھ بڑھانے کیلئے ہر ممکن کاوشیں جاری ہیں، چوہدری خادم حسین

لاہور چیمبر کاروباری برادری کی موثر آواز بن کر معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا، نائب صدر

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چوہدری خادم حسین نے کہا ہے کہ لاہور چیمبر کی قائمہ کمیٹیوں کو فعال اور متحرک بنایا جا رہا ہے تاکہ کاروباری برادری کو درپیش مسائل کی موثر نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مربوط اقدامات کیے جا سکیں، قائمہ کمیٹیوں کی فعالیت سے مختلف کاروباری شعبوں کو درپیش مشکلات کے حل، پالیسی سازی میں تجاویز کی شمولیت اور حکومتی اداروں کے ساتھ موثر رابطہ کاری میں مدد ملے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قائمہ کمیٹیوں کو محض رسمی فورم کے بجائے عملی کردار ادا کرنے والا پلیٹ فارم بنایا جائے گا۔

پنجاب کے مختلف شہروں کی فضا خطرناک حد تک آلودہ، لاہور دنیا میں سرفہرست

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت پنجاب کے مختلف شہروں میں فضائی آلودگی کی صورتحال تشویشناک حد تک بڑھ گئی۔ عالمی ماحولیاتی ویب سائٹ کے مطابق ملک کے آلودہ ترین شہروں میں ملتان پہلے نمبر جبکہ لاہور دنیا کے بڑے آلودہ شہروں میں سرفہرست رہا۔ لاہور کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 400 سے تجاوز کر گیا ہے، پیراگون کا علاقہ فضائی آلودگی سے سب سے زیادہ متاثر رہا، جہاں اے کیو آئی 728 تک جا پہنچا، علامہ اقبال ٹاؤن میں فضائی آلودگی کی شرح 615 جبکہ ماڈل ٹاؤن میں 435 ریکارڈ کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ پنجاب کے دیگر شہروں میں بھی سموگ کا راج ہے

جنرل ہسپتال، خود کو ڈاکٹر ظاہر کر کے عملے کو دھوکہ دینے والا نوسرباز، پولیس کے حوالے

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال کی انتظامیہ نے ہسپتال کے نظم و ضبط، مریضوں کے تحفظ اور ادارے کی ساکھ کو پامال کرنے والے عناصر کے خلاف سخت اقدام کرتے ہوئے جعلی ڈاکٹر بن کر ہسپتال میں داخل ہونے والے نوسرباز کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا تفصیلات کے مطابق ملزم محمد انس ڈاکٹر کٹ پہن کر ہسپتال میں داخل ہوا اور خود کو ڈاکٹر ظاہر کرتے ہوئے ڈیوٹی پر موجود عملے کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہا تھا، تاہم انتظامیہ اور سکیورٹی عملے نے مستعدی اور بروقت جانچ پڑتال کے ذریعے ملزم کے جھوٹے دعوے کو فوری طور پر بے نقاب کر دیا، سکیورٹی عملے نے بلا تاخیر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو حراست میں لیا

خاتون اے ایس پی کو غیر مناسب پیغامات بھیجنے والے سی ایس پی افسر کی ضمانت منظور

لاہور (این این آئی) خاتون اے ایس پی کو نامناسب پیغامات بھیجنے کے مقدمے میں گرفتار سی ایس پی افسر بشارت علی کی درخواست ضمانت منظور کر لی گئی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نے ملزم کو ضمانتی مچلکوں کے عوض رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ دوران سماعت ملزم کی جانب سے زاہد نذیر ایڈووکیٹ نے عدالت میں دلائل دیئے۔ خاتون اے ایس پی افراء زاہد نے سی ایس پی افسر بشارت علی کے خلاف مقدمہ درج کروایا تھا جس کی تحقیقات این سی سی آئی اے کر رہی ہے۔

خود کو سینئر پولیس افسر کا اسٹاف افسر ظاہر کرنے والا نوسرباز گرفتار

لاہور (این این آئی) خود کو سینئر پولیس افسر کا اسٹاف افسر ظاہر کرنے والا نوسرباز انویسٹی گیشن پولیس لیاقت آباد کے شکنجے میں آ گیا۔ ملزم خود ہی اسٹاف افسر بن کر کال کرتا تھا اور پھر خود ہی تھانہ پہنچ جاتا۔ انچارج انویسٹی گیشن نے کہا کہ جعلی اسٹاف افسر نے زیر حراست ملزم کو ذاتی ضمانت پر رہا کروانے کے بہانے تفتیشی افسر سے رابطہ کیا، ملزم نے تفتیشی افسر کو 10 ہزار روپے رشوت دینے کی کوشش کی، تفتیشی افسر نے فوری طور پر ملزم کو گرفتار کر لیا۔

ملت پارک میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے 8 سالہ بچی جاں بحق، باپ شدید زخمی، ڈرائیور گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے ملت پارک نیشنل بینک کالونی میں تیز رفتار کار نے باپ بیٹی کو کچل دیا جس سے آٹھ سالہ بچی جاں بحق جبکہ باپ شدید زخمی ہو گیا، پولیس نے ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق تھانہ ملت پارک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے حادثے میں ملوث کار ڈرائیور رانم خان کو حراست میں لے لیا۔ تیز رفتار کار کی ٹکر سے 8 سالہ بچی موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا والد اعجاز شدید زخمی ہو گیا تھا۔ پولیس نے واقعے کا مقدمہ نمبر 1190/26 درج کر کے نامزد ملزم رانم خان کو گرفتار کیا۔ ملزم کے خلاف غفلت اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر دفعہ 322 ت پ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

مدرسہ میں بچے پر مبینہ تشدد، آنکھ متاثر، پولیس نے قاری کو گرفتار کر لیا


لاہور (این این آئی) لاہور میں دینی تعلیم حاصل کرنے والے کم عمر طالب علم پر مبینہ تشدد کا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں مدرسے کے قاری کے خلاف بچے کی بائیں آنکھ پر تشدد کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بچے کے والد سید پرویز اقبال کی درخواست پر درج مقدمے میں قاری عبدالواحد کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق مدعی کا بیٹا عفان شاہ مدرسہ بیت المعمور میں دینی تعلیم حاصل کر رہا ہے، جو صحافی کالونی، گیٹ نمبر 2 کے قریب واقع ہے۔ درخواست گزار کے مطابق 31 اکتوبر کو سہ پہر تقریباً 3 بجے اس کا بیٹا مدرسے سے واپس گھر آیا تو اس کی بائیں آنکھ بری طرح متاثر تھی۔

لیسکو نے اکتوبر میں نادہندگان سے 38 کروڑ 39 لاکھ 40 ہزار کی ریکوری کی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے نادہندگان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے اکتوبر کے دوران 38 کروڑ 39 لاکھ 40 ہزار روپے کی ریکوری کر لی۔ لیسکو کے مطابق 8 سرکلز میں مجموعی طور پر 546 کیسز کے ذریعے واجبات وصول کیے گئے۔ پرائیویٹ رننگ کے 320 کیسز سے 22 کروڑ 80 لاکھ 80 ہزار روپے جبکہ منقطع کنکشنز کے 226 کیسز سے 16 کروڑ 38 لاکھ 60 ہزار روپے کی ریکوری کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق ایسٹرن سرکل 9 کروڑ 58 لاکھ 40 ہزار روپے کی وصولی کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا، جبکہ ناردرن سرکل 8 کروڑ 69 لاکھ 80 ہزار روپے کی ریکوری کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا ہے۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 26 ہزار کیوسک اور اخراج 65 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 800 کیوسک، خیرآباد پل آمد 48 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 48 ہزار 200 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 8 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 19 ہزار 100 کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 2 ہزار 700 کیوسک رہا۔



جیلانی پارک میں شہریوں کے لیے ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کا مفت یوگا سنٹر

روزانہ صبح کے اوقات میں شہریوں کی بڑی تعداد یوگا کی مختلف مشقوں میں حصہ لے رہی ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کی جانب سے شہریوں کو صحت مند طرز زندگی کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے جیلانی پارک میں مفت یوگا سنٹر قائم کیا گیا ہے، جہاں روزانہ صبح کے اوقات میں شہریوں کی بڑی تعداد یوگا کی مختلف مشقوں میں حصہ لے رہی ہے۔ سرسبز و شاداب ماحول میں قائم یوگا سنٹر شہریوں کو جسمانی صحت کے ساتھ ذہنی سکون اور تازگی فراہم کرنے کا ایک بہترین موقع فراہم کر رہا ہے۔ یوگا سنٹر صبح 5 بجے سے 9 بجے تک شہریوں کے لیے کھلا رہتا ہے، جہاں ایک وقت میں 30 افراد کے ورزش کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ جیلانی پارک کے گیٹ نمبر 3 سے چند قدم کے فاصلے پر واقع ہے۔ یہاں ہر عمر کے شہری بلا معاوضہ یوگا کی سہولت سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید کا کہنا تھا کہ شہریوں کو پارکوں میں صحت مند اور متحرک طرز زندگی کی طرف راغب کرنے کیلئے کوشاں ہیں جیلانی پارک میں مفت یوگا سنٹر کا قیام اسی سلسلے کی ایک اہم کاوش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور شہریوں کو پارکس میں تفریح کے ساتھ صحت مند سرگرمیوں کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے بھی اقدامات کر رہی ہے۔ یوگا سنٹر تمام شہریوں کے لیے مفت ہے اور ہر عمر کے افراد اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ایم ڈی احمد عثمان جاوید نے شہریوں کو دعوت دی کہ وہ اپنی صبح کا آغاز صحت مند سرگرمیوں سے کریں، جیلانی پارک آئیں اور یوگا کے ذریعے بہتر اور متوازن طرز زندگی اپنائیں۔



خالد ندیم شانی کی صدارت، ملک بھر سے نامور شعراء کی شرکت

مشاعرے کی صدارت معروف شاعر خالد ندیم شانی نے فرمائی

لاہور (ادبی رپورٹر) ادب منظم بزم چغتائی لاہور کی جانب سے ایک شاندار اور باوقار مشاعرے کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان کے کئی شہروں سے نامور شعراء کرام نے شرکت کی۔ مشاعرے میں سامعین کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے شعرا کو بھرپور داد دی مشاعرے کی صدارت معروف شاعر خالد ندیم شانی نے فرمائی۔ مہمان خاص میں حسنین اختر، عدنان خالد، ڈاکٹر فخر عظیم اور سید تیمور کاظمی شامل تھے جبکہ احمد عمران اویسی (حیدرآباد) مہمان اعزاز تھے۔ صدارتی ایوارڈ یافتہ نعت خوان صفدر علی شکوری نے نعت پاک پیش کی اور خوب سماں باندھا۔ دیگر شعرائے کرام میں محمد افضل ساجد، مشتاق قمر، وسیم عباس، محمد عثمان فیصل فابانی، احمد خلیل، حکیم احسان گوندل، وقار احمد وقار، زیڈ اے ساغر، جی ایم ساقی، رئیس مبین، یسمین ثانی، وسیم سدوی، قاسم مقصود، عبدالرحمن حیات، معظم علی خان، ملک سکندر، محمد حنظلہ، باصر زیدی، عمران کھرل، مہ جبین ملک، شوکت علی ناز، سہیل ثانی، احمد فراز گل، حاشر حسین حیدر، نعیم عباس ساجد، گلزار حسین گلزار، طاہر ہاشمی، ڈیوڈ پرسی، توقیر عباس توقیر، آفتاب خان، راؤ ندیم احسان، پروفیسر فرخ محمود، شاکر خان بلچ، حکیم سلیم اختر ملک، احتشام حسن، طاہر ناصر علی، ممتاز راشد لاہوری اور محمد عباس مرزا شامل تھے۔ مشاعرہ کی نظامت ہمیشہ کی طرح محمد افضل ساجد کے ذمہ رہی جسے انہوں نے بہت عمدگی سے نبھایا۔ تمام ہی احباب نے شاندار کلام سنایا اور خوب داد سمیٹی۔ ہال ہمہ وقت داد و تحسین سے گونجتا رہا تمام ہی شعرائے کرام نے بے حد عمدہ کلام سنایا اور سننے والوں کو ایک سے بڑھ کر ایک شعر سننے کو ملا۔ آنے والے تمام ہی مہمانوں کا بے حد شکریہ۔ بزم چغتائی گزشتہ تیرہ سال سے ہر ماہ باقاعدگی سے مشاعرہ منعقد کرتی چلی آ رہی ہے بزم کے بانی طارق چغتائی کی وفات کے بعد اب چھ سال سے دوستان طارق چغتائی اس تسلسل کو برقرار رکھے ہوئے ہیں دوستان طارق چغتائی میں محمد عباس مرزا، محمد علی صابری، پروفیسر فرخ محمود، عاصم خواجہ، محمد افضل ساجد، فرہاد ترابی اور وسیم عباس شامل ہیں اب تک آپ تمام احباب کی محبتوں سے یہ چراغ روشن ہے۔



سی ای او ریلوے محمد حفیظ اللہ کو واشنگ لائنز کے دورے پر ڈی ایس ریلوے انعام اللہ بریفنگ دے رہے ہیں

سی ای او ریلوے محمد حفیظ اللہ کا واشنگ لائنز کا دورہ، جاری ترقیاتی کاموں اور اپ گریڈیشن کا جائزہ

لاہور (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹو آفیسر پاکستان ریلوے محمد حفیظ اللہ نے واشنگ لائنز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل جنرل منیجر مکینیکل راحت مرزا، ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور انعام اللہ، چیف مکینیکل انجینئر محمد ناصر خلیلی، ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ انفراسٹرکچر قاضی جواد احمد، ڈویژنل مکینیکل انجینئر محمد عمران، ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر فرحت عباس فخری سمیت دیگر افسران و عملہ بھی ان کے ہمراہ موجود تھا۔ دورے کے دوران سی ای او ریلوے کو واشنگ لائنز میں جاری ترقیاتی کاموں اور اپ گریڈیشن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے واشنگ لائنز میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا، کوچوں کے اندر صفائی ستھرائی اور سہولیات کا معیار چیک کیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کوچوں کی فٹنس، صفائی ستھرائی اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی دیگر سہولیات کے اعلیٰ معیار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر واشنگ لائنز عملے کی محنت اور کاوشوں کو خصوصی طور پر سراہا گیا۔ سی ای او ریلوے نے اس بات پر بھی زور دیا کہ واشنگ لائنز میں کام کرنے والے عملے کی سہولیات کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا جائے تاکہ انہیں بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے اور ان کی کارکردگی میں مزید اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے ٹرینوں کی بروقت آمد و روانگی اور مسافروں کو بہتر سے بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

تبلیغی اجتماع کے پیش نظر رائیونڈ ریلوے اسٹیشن پر خصوصی انتظامات

گرین لائن ٹرین کو 5 سے 16 نومبر تک خصوصی اسٹاپ کی اجازت دے دی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ پاکستان ریلوے لاہور ڈویژن انعام اللہ کی خصوصی ہدایات پر رائیونڈ ریلوے اسٹیشن پر تبلیغی اجتماع کے شرکا کی سہولت اور رہنمائی کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ تبلیغی اجتماع میں شرکت کے لیے آنے والے مسافروں کی سہولت کے پیش نظر کراچی اور مارگلہ کے درمیان چلنے والی گرین لائن ٹرین کو 5 نومبر سے 16 نومبر 2026 تک خصوصی طور پر رائیونڈ ریلوے اسٹیشن پر اسٹاپ کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس دوران گرین لائن ٹرین اپنی آمد اور روانگی دونوں اوقات میں رائیونڈ ریلوے اسٹیشن پر رکا کرے گی۔ ڈی ایس ریلوے انعام اللہ کی ہدایات کے مطابق ڈویژنل کمرشل آفیسر عبداللہ ارشد نے رائیونڈ ریلوے اسٹیشن پر تبلیغی اجتماع کے شرکا کی سہولت اور بہتر رہنمائی کے لیے اضافی عملہ تعینات کر دیا ہے جس میں صفائی کا عملہ، بکنگ عملہ، ٹکٹ کلکٹرز، اسپیشل ٹکٹ ایگزامینر زاور لگیج پورٹرز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ اسٹیشن پر استقبالیہ اور خصوصی ٹکٹ بکنگ کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں: جبکہ پینے کے صاف پانی، مسافروں کے بیٹھنے، روشنی اور سکیورٹی کے انتظامات بھی یقینی بنائے گئے ہیں۔ پاکستان ریلوے لاہور ڈویژن کی جانب سے تبلیغی اجتماع کے شرکا کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے اور ان کے سفر کو آسان، محفوظ اور آرام دہ بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔



لاہور: مال روڈ پر واقع استنبول چوک میں نصب فوارہ متعلقہ حکام کی عدم توجہ کے باعث غیر فعال اور خستہ حالی کا شکار ہے

بقیہ جات 1

معاملے پر اتفاقِ رائے پیدا کریں۔بعد ازاں وال اسٹریٹ جرنل کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران جنگ اور مہنگائی ریپبلکنز کی شکست کی وجہ بنی، اپنی کابینہ میں تبدیلی کا ارادہ نہیں رکھتا، امیگریشن سمیت متعدد معاملات پر ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کر سکتے ہیں۔ٹرمپ نے کہا کہ ڈیموکریٹس کی انتخابی کارکردگی کو سراہتا ہوں، ڈیموکریٹس کئی معاملات پر تعاون کر سکتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ لوگ پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے قلیل مدتی اثرات برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں تھے، انتخابی نتائج کے ریپبلکنز کے خلاف آنے میں ایران جنگ اہم رہی، ڈیموکریٹس غیر ضروری نوعیت کے بل پیش کریں گے تو ویٹو کروں گا۔

بقیہ جات 2

حکام کے مطابق مشکوک موٹر کار میں سوار دہشت گردوں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کی، جس پر پولیس اہلکاروں نے فوری اور مؤثر جوابی کارروائی کی، مقابلے کے نتیجے میں 2 دہشت گرد مارے گئے جبکہ ایک زخمی ساتھی فرار ہو گیا۔کارروائی کے بعد دہشت گردوں کی گاڑی سے اسلحہ، تحریک طالبان کا جھنڈا، خواتین کے برقعے اور دیگر مشکوک اشیاء برآمد کی گئیں۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گرد ممکنہ طور پر علاقے میں بڑی تخریب کاری کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، تاہم برآمد ہونے والی اشیاء اور دہشت گردوں کے ممکنہ عزائم کے حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سی ٹی ڈی کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا، ہلاک ہونے والے خوارج کی نعشیں تحویل میں لے کر شناخت کا عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔دوسری جانب آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے لکی مروت پولیس کی بروقت اور کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے اہلکاروں کو شاباش دی اور کہا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لئے سرگرم پولیس اہلکار قوم کے ہیروز ہیں۔آئی جی خیبر پختونخوا نے عزم ظاہر کیا کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک پولیس کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ جات 3

آئین اور قانون کے خلاف مقف پیش کر رہا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ترجمان الیکشن کمیشن نے سابق جج کے موقف کو آئینی و قانونی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ عدالتی ریکارڈ ادھورے تناظر اور یکطرفہ تشریحات کے ذریعے پیش کرنا غیر مناسب ہے، الیکشن کمیشن نے پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات اور پی ٹی آئی کے انتخابی نشان اور مخصوص نشستوں سے متعلق اپنے فیصلوں کا دفاع بھی کیا ہے۔ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات 2023 سے متعلق سپریم کورٹ کا اکثریتی فیصلہ 4 اور 3 کا تھا۔ از خود نوٹس اور سپریم کورٹ بار کی درخواستیں خارج ہونے کا موقف درست قانونی نتیجہ نہیں تھا، کمیشن عدالتی حکم کے مطابق کارروائی کا پابند تھا۔ترجمان نے کہا کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعات 208 اور 209 کے تحت ہر سیاسی جماعت کیلئے شفاف انٹرا پارٹی انتخابات لازم ہیں، پی ٹی آئی مقررہ مدت میں یہ انتخابات کروانے میں ناکام رہی اور کمیشن کی جانب سے 3 مواقع بھی دیئے گئے جس کے بعد دفعہ 215(5) کے تحت انتخابی نشان واپس لیا گیا۔ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا کہ سپریم کورٹ نے بھی الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار رکھا اور نظرثانی درخواست مسترد کر دی، مخصوص نشستوں کے معاملے پر بھی سیاسی جماعتوں کے لیے ترجیحی فہرست جمع کرانا ضروری تھا، پی ٹی آئی نے ایسی کوئی فہرست جمع نہیں کروائی اس لیے کمیشن نے مخصوص نشستیں اہل جماعتوں کو الاٹ کیں۔ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا کہ پی ٹی آئی آج بھی کمیشن کے ریکارڈ میں رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے، جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کا بیان سپریم کورٹ کے حتمی فیصلوں کے منافی ہے۔

بقیہ جات 4

بلیک میل کرنے والوں کے مفادات کیلئے کام کرے گی تو اسے شکست ہوگی۔دوسری جانب امریکی وسط مدتی انتخابات کے ابتدائی نتائج کے مطابق ایوانِ نمائندگان میں ڈیموکریٹک امیدواروں کو ریپبلکنز پر برتری حاصل ہے، جبکہ سینیٹ کے نتائج میں بھی ڈیموکریٹس کی کامیابی رپورٹ کی گئی۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انتخابی نتائج تسلیم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ایران کے ساتھ جنگ انتخابات میں ریپبلکنز کی ناکامی کی ایک وجہ بنی، انہوں نے ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کرنے پر آمادگی ظاہر کی، تاہم ساتھ ہی واضح کیا کہ ان کے نزدیک ناقابل قبول اقدامات کو صدارتی ویٹو کے ذریعے روکیں گے۔

بقیہ جات 5

تعلقات ہیں، ہمیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، سعودی عرب کی طرف سے مزید مالی معاونت کی فی الحال ضرورت نہیں ہے۔وزیر خزانہ نے کہا کہ ہمارے پاس تین ماہ کی درآمدات کا کور موجود ہے، ہر سال تقریباً ڈیڑھ ارب یورو بانڈ کی ادائیگی کرنا ہوتی ہے، ہماری کوشش ہے کہ یورو بانڈ کی ادائیگی کے معاملے میں کسی بھی حکومت کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف بورڈ کا اجلاس دسمبر میں ہو سکتا ہے، تاہم ابھی تاریخ کی تصدیق نہیں ہوئی۔

بقیہ جات 6

صحت نے عوامی شکایات کے حل کیلئے ہیلپ لائن نمبر 1166 متعارف کرا دیا، اسلام آباد کے شہری وزارت صحت اور اس کے تمام ماتحت اداروں سے متعلق شکایات براہِ راست کال کے ذریعے درج کرا سکیں گے، شہریوں کو اب اپنی شکایت درج کرانے کیلئے مختلف سرکاری دفاتر کے چکر لگانے کی ضرورت نہیں ہوگی، عوامی شکایات خودکار نظام کے تحت متعلقہ افسر یا محکمہ صحت کو بھجوائی جائیں گی، شکایت پر کارروائی سے لے کر مسئلے کے حل تک تمام مراحل کی باقاعدہ مانیٹرنگ ہوگی، ہر شکایت کی ذمہ دار افسر کو منتقلی اور اس پر ہونے والی پیش رفت کا ریکارڈ رکھا جائے گا، اس مقصد کے لیے ایک مرکزی ڈیش بورڈ قائم کیا گیا ہے۔وزیرِ صحت شکایات اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ اپنے آفس میں بیٹھ کر ڈیش بورڈ پر دیکھ سکیں گے، مرکزی ڈیش بورڈ سے مختلف علاقوں میں درپیش بیماریوں اور صحت کے مسائل کی نشاندہی ممکن ہوگی۔ہر شکایت کے ازالے کے لیے متعلقہ اسپتال میں نامزد ذمہ دار افسر مقرر کیا جائے گا، نئے نظام کے ذریعے اسپتالوں کی شکایات کا مرکزی اور قابلِ سراغ ریکارڈ مرتب ہوگا، وزارتِ صحت کو اسپتالوں میں شہری شکایات اور سروس ڈیلیوری کی براہِ راست نگرانی میں مدد ملے گی۔

بقیہ جات 7

اور پتھر کی مصنوعات شمال مغربی چین کے شہر ڈوہانگ میں منعقدہ ثقافتی نمائش میں شائقین کی توجہ کا مرکز بن گئیں۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نمائش میں پاکستان کے دو نمائش کنندگان اپنی دستکاریوں کے ساتھ شریک ہوئے، ان میں سے ایک کمپنی خان ٹریڈرز، جسے دو بھائی چلاتے ہیں، نے اپنے اسٹال پر تقریباً 100 مختلف مصنوعات پیش کیں۔کمپنی کے چھوٹے بھائی نعیم مرزا نے کہا کہ یہ تمام مصنوعات مکمل طور پر ہاتھ سے تیار کی گئی ہیں، ان میں کسی مشین کا استعمال نہیں کیا گیا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق مرزا کی گلابی لکڑی سے تیار کردہ مصنوعات میں مٹھائی کے ڈبے، چائے کی میزیں، ٹشو بکس، زیورات کے ڈبے اور خشک میوہ جات رکھنے کی ٹرے شامل تھی۔ایک چمکدار جار کو پلاسٹک کا سمجھنے پر انہوں نے فوری وضاحت کی کہ یہ پاکستانی گلابی لکڑی سے تیار کیا گیا ہے، جس کا موازنہ انہوں نے چینی کلاسیکی فرنیچر میں استعمال ہونے والی ہوالی لکڑی سے کیا۔مرزا نے بتایا کہ چینی سال گھوڑا کے پیش نظر وہ پیتل سے بنے گھوڑے بھی لائے ہیں، کیونکہ لوگ اس جانور کو پسند کرتے ہیں تاہم انہوں نے کہا کہ ان مصنوعات کا ذخیرہ محدود ہے۔ان کے مطابق بعض ڈیزائن خاص طور پر چینی لوگوں کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیے گئے ہیں۔چینی خریداروں کے لیے کسی ایک مصنوعات کا انتخاب کرنے کے سوال پر مرزا نے ہلکے سبز رنگ کے پتھر کو ترجیح دی، جسے وہ پاکستانی جیڈ کہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ رنگ قدرتی ہے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نمائش کے ابتدائی دنوں میں انہوں نے اپنی مصنوعات متعارف کرانے کے لیے خریداروں کو خصوصی رعایتیں بھی دیں۔ان کے بڑے بھائی منیر محمد نے بتایا کہ وہ گزشتہ تقریباً دو برس سے چین میں کاروبار کر رہے ہیں اور میں مزید دو ماہ قیام کا ارادہ رکھتے ہیں۔ان کے مطابق چینی خریداروں کی جانب سے پتھر اور لکڑی سے تیار کردہ مصنوعات میں زیادہ دلچسپی متوقع ہے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 26-2025 کے دوران چین کو پاکستان کی برآمدات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 4.8 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 68.2 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں۔مذکورہ مالی سال 30 جون کو ختم ہوا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق صوبہ گانسو میں 9 ویں سلک روڈ بین الاقوامی ثقافتی نمائش 2 سے 4 نومبر تک جاری ہے۔

بقیہ جات 8

لیمونیکیشن کے ماتحت ادارے پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ (پی ایس ای بی) نے ملکی آئی ٹی گریجویٹس اور پیشہ ور افراد کے لیے وزیر اعظم آئی ٹی سرٹیفکیشن ری ایمبرسمنٹ پروگرام کا باضابطہ آغاز کر دیا جس کا بنیادی مقصد نوجوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو عالمی معیار سے ہم آہنگ کرنا ہے، اس فلاحی و ترقیاتی اقدام کے تحت ایمیزون ویب سروسز، مائیکروسافٹ اور گوگل سمیت 50 سے زائد عالمی معیار کی منظور شدہ آئی ٹی سرٹیفکیشنز حاصل کرنے والے امیدواروں کو فی کس 70 ہزار روپے تک امتحانی فیس واپس کی جائے گی۔ترجمان بورڈ کی جانب سے جاری کردہ طریقہ کار کے مطابق خواہش مند امیدواروں کو سب سے پہلے (skills.techdestination.com) پورٹل پر جا کر اپنی پروفائل بنانا ہوگی اور منظور شدہ فہرست میں سے اپنی مطلوبہ سرٹیفکیشن کا انتخاب کر کے درخواست جمع کرانی ہوگی۔درخواست کے بعد امیدوار متعلقہ عالمی ادارے کے زیر اہتمام منعقدہ امتحان میں شرکت کریں گے اور اسے کامیابی سے پاس کرنے کے بعد اپنی آفیشل سند اور فیس کی ادائیگی کی رسید پورٹل پر اپ لوڈ کریں گے۔پروگرام کی مجاز ٹیم کی جانب سے دستاویزات کی تصدیق مکمل ہونے کے بعد 70 ہزار روپے تک کی رقم امیدوار کے اکاؤنٹ میں منتقل کر دی جائے گی۔بورڈ کی جانب سے اس امر پر خصوصی زور دیا گیا ہے کہ امیدواروں کے لیے سرٹیفکیشن امتحان دینے سے قبل پورٹل پر پیشگی درخواست دینا لازمی ہے۔پی ایس ای بی کے مطابق یہ پروگرام نوجوانوں کو آئی ٹی کی بین الاقوامی منڈیوں میں مسابقتی برتری حاصل کرنے، ملکی فری لانسنگ اور سافٹ ویئر برآمدات کو وسعت دینے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔تمام اہل آئی ٹی گریجویٹس اور پروفیشنلز skills.techdestination.com پر فوری رجسٹریشن کروا کر اس قومی سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ جات 9

بھائیوں کو گرفتار کر لیا۔پولیس کے مطابق ملزمان کی نشاندہی پر واردات میں استعمال ہونے والا سامان بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ایس ایس پی میرپور خرم اقبال نے میڈیا کو بتایا کہ وقاص الطاف کی گمشدگی کی اطلاع ملنے پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کیں۔انہوں نے بتایا کہ نوجوان کی لاش منگلا ڈیم سے برآمد ہوئی، جس کے بعد واقعے کی تفتیش قتل کے مقدمے کے طور پر آگے بڑھائی گئی۔ایس ایس پی کے مطابق پولیس ٹیم نے پیشہ ورانہ تفتیش اور جدید ذرائع کی مدد سے مبینہ قتل میں ملوث 2 سگے بھائیوں کو گرفتار کر لیا، جن کا تعلق میرپور کے نواحی علاقے سے ہے۔خرم اقبال نے کہا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق قتل کی وجہ خاندانی تنازع معلوم ہوتی ہے، تاہم گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مقدمے کا چالان جلد عدالت میں پیش کیا جائے گا

بقیہ جات 10

ڈار نے پاکستان کے پہلے مقامی طور پر تیار کردہ فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل فاز کے کامیاب تجربہ پر پاک فضائیہ، سائنسدانوں اور انجینئرز کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔بدھ کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے تہنیتی پیغام میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے اس کامیابی کو قومی دفاع کو مزید مستحکم بنانے اور دفاعی ٹیکنالوجی میں خود انحصاری کو فروغ دینے کے حوالے سے اہم سنگ میل قرار دیا۔سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ تجربہ پاکستان کے لیے ایک قابل فخر کامیابی ہے۔یہ امر قابل ذکر ہے کہ جدید ترین ٹرمینل گائیڈنس سسٹم سے لیس یہ میزائل طویل فاصلے پر دشمن کے فضائی اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

بقیہ جات 11

بدھ کو سماجی رابطہ کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے تہنیتی پیغام میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ نے کہا کہ وہ وزیر خارجہ اولیور بلانکو کے لیے ان کی نئی ذمہ داریوں میں کامیابی کے خواہاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور وینزویلا کے مابین دوستانہ تعلقات اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو مزید مستحکم بنانے کے لیے وینزویلا کے وزیر خارجہ کے ساتھ قریبی روابط اور مشترکہ کاوشوں کا منتظر ہوں۔

بقیہ جات 12

گے، وفاقی کابینہ نے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ خیبر پختونخوا ایڈوائزری کونسل، گورنر خیبر پختونخوا کی قیادت میں صوبے کے عوام کی بہتری، خوشحالی اور امن و امان کے قیام کے لیے بھرپور کاوشیں یقینی بنائے گی۔وفاقی کابینہ نے پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی تعاون کے معاہدے کی توثیق بھی کر دی، پاکستان اور کویت کے درمیان دفاعی تعاون کا معاہدہ 11 جون 2023 کو طے پایا تھا، جس کا مقصد دونوں برادر ممالک کے درمیان دفاعی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے، کویتی حکومت 19 جولائی کو اس معاہدے کی توثیق کر چکی ہے۔وفاقی کابینہ نے وزارت خزانہ کی سفارش پر نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کی منظوری دے دی، کابینہ کو نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائن کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ نئے نوٹوں کے ڈیزائن کے لیے ملک بھر سے مصوروں اور ڈیزائنرز سے تجاویز لی گئیں، وزیر اعظم کی جانب سے قائم کردہ کابینہ کمیٹی نے تمام اسٹیک ہولڈرز سے تفصیلی مشاورت بھی کی۔شرکا کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ جعلی نوٹوں کی روک تھام کے لیے سیکیورٹی فیچرز بڑھانے کے ساتھ جدید میٹریل استعمال کیا جائے گا، جس سے نوٹوں کی استعمال کی معیاد میں بھی اضافہ ہوگا۔

بقیہ جات 13

سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور انتہائی مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف یہ کامیاب آپریشن ہماری سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت، بے مثال بہادری اور جرات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں، وطن عزیز کے امن اور دفاع کی خاطر جام شہادت نوش کرنے والے بہادر سپوتوں کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا۔وزیر ریلوے نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کا امن، سلامتی اور استحکام ہماری اولین ترجیح ہے اور ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک پوری قوم متحد ہو کر اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ جات 14

ہونے کے باوجود ثبوت کے بغیر بے بنیاد الزامات لگانا انہیں زیب نہیں دیتا۔انہوں نے کہا کہ سالک حسین نے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر گجرات کی تعیناتی کی سفارش کرنے کا خود اعتراف کیا تھا، تاہم آج وہ اپنے مؤقف سے پیچھے ہٹ رہے ہیں، سرکاری عہدے کا فائدہ بھی اٹھانا اور ساتھ ہی الزام تراشی کرنا قابل قبول نہیں، ایسا نہیں چلے گا۔وزیر اطلاعات پنجاب کا کہنا تھا کہ سالک حسین کے بھائی بھی گزشتہ روز ان کے الزامات کو مسترد کر چکے ہیں، اس لیے اب انہیں اپنے الزامات کا جواب دینا ہوگا، یوٹرن لینے سے کام نہیں چلے گا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے دو سال کے دوران کھربوں روپے کے منصوبے شروع کیے اور مکمل کیے ہیں، کوئی ناقد بھی ان منصوبوں میں ایک دھیلے کی کرپشن کا الزام نہیں لگا سکا۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ سالک حسین خود کہہ چکے ہیں کہ ان کے پاس شواہد نہیں، لیکن دوسری جانب انہوں نے الماریاں بھرنے کے الزامات لگائے ہیں، اب انہیں اس کا جواب دینا ہوگا۔

بقیہ جات 15

کرنے کی کوشش کی جائے گی جس سے اسلام آباد میں بڑے ہوٹل کی کمی پوری کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ وہ کافی عرصے سے جے آئی ٹی رپورٹ کے منتظر تھے، آج کابینہ نے رپورٹ کی منظوری دے دی ہے، جس میں تمام تفصیلات درج ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں بڑے پیمانے پر بے دردی سے سرکاری زمینوں پر قبضے کیے گئے، بعض علاقوں میں لوگوں نے گھروں کے لان تک پر قبضے کر رکھے ہیں۔محسن نقوی نے کہا کہ ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو کا قانونی طور پر قبضہ حاصل کر لیا گیا ہے، سی ڈی اے کے ممبر آج سے اس عمارت کے معاملات دیکھیں گے۔اُن کا کہنا تھا کہ عمارت کی مالیت کا تعین ایک ملٹی نیشنل کمپنی سے کرایا جائے گا، جن افراد نے اس منصوبے میں رقم جمع کرائی ہے، انہیں ان کی ادا کردہ رقم واپس ملے گی، انہوں نے واضح کیا کہ اس معاملے میں کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ اسلام آباد میں سرکاری اراضی واگزار کرانے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی، ای 12، سی 14 اور سی 15 کی زمین بھی جلد واگزار کرائی جائے گی، سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی۔محسن نقوی کا کہنا تھا کہ تجاوزات اور قبضوں کے خلاف آپریشن کے دوران مختلف مقامات سے دباؤ آتا ہے، تاہم قانونی کارروائی جاری رکھی جائے گی، ون کانسٹی ٹیوشن ایونیو کے معاملے پر وزیر اعظم کا مکمل تعاون حاصل رہا ہے۔دوسری جانب مولانا فضل الرحمان سے متعلق سوال پر محسن نقوی نے کہا کہ اس حوالے سے سی ڈی اے سے سوال کرنا زیادہ بہتر ہوگا۔

بقیہ جات 16

کشمیریوں کی یاد میں کشمیری عوام یوم شہدا جموں مناتی ہے۔تقسیم ہند کے موقع پر مسلم اکثریتی علاقے جموں کی عوام کو آزادی کی حمایت کرنے پر ڈوگرہ مہاراجہ کے ظلم وستم کا سامنا کرنا پڑا، تمام تر مظالم کے باوجود جموں کے کشمیری مسلمان اپنے مؤقف سے پیچھے نہ ہٹے تو ایک سازش کے تحت نومبر 1947 کے ابتدائی دنوں میں آزاد خطے میں بھجوانے کا جھانسہ دے کر لاکھوں نہتے کشمیری مرد و خواتین اور بچوں کو شہید کر دیا گیا۔جموں کے ان شہدا کی یاد میں کنٹرول لائن کے دونوں جانب، پاکستان سمیت دنیا بھر میں بسنے والے کشمیری مسلمان 6 نومبر کو یوم شہدا جموں کے طور پر مناتے چلے آ رہے ہیں۔

بقیہ جات 17

کیئر 1166 پر کام کرنے والے عملے کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، ہمدردی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا، عوام کی خدمت ایک بڑی ذمہ داری ہے اور اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔وفاقی وزیر صحت نے کیئر 1166 پاکستان کے پہلے سٹیزن سینٹرل پورٹل کے اجرا کے حوالے سے ایف ڈی آئی میں منعقدہ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس نظام کا بنیادی مقصد ملک کے ہر شہری کو صحت سے متعلق مسائل اور شکایات حکومت تک پہنچانے کے لیے ایک آسان اور مؤثر ذریعہ فراہم کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری بھی صرف ایک فون کال کے ذریعے اپنی شکایات متعلقہ حکام تک پہنچا سکیں گے۔ اس اقدام سے بالخصوص خواتین، غریب اور محروم طبقات کی آواز سرکاری اداروں تک پہنچانے میں آسانی ہوگی۔مصطفی کمال نے کہا کہ وزارت صحت کا مقصد صرف عوامی شکایات سننا نہیں بلکہ ان کا مؤثر اور بروقت ازالہ یقینی بنانا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیئر 1166 کے ذریعے ملک بھر میں صحت کے مسائل کی حقیقی صورتحال سامنے آئے گی جس سے مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کیئر 1166 کو عوامی خدمت، شفافیت اور جوابدہی کا مؤثر نظام بنایا جائے گا تا کہ ملک کے ہر شہری کو صحت سے متعلق مسائل کے حل کے لیے حکومتی اداروں تک رسائی حاصل ہو سکے۔

بقیہ جات 18

کر لی ہے۔انہوں نے کہا کہ رپورٹ میں منصوبے کا نام تبدیل کرنے کی سفارش بھی کی گئی ہے کیوں کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو کا نام بھی مبینہ طور پر جعل سازی کے ذریعے حاصل کیا گیا تھا۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ون کانسٹیٹیوشن ایونیو منصوبے میں تمام قواعد و ضوابط کو نظر انداز کیا گیا، بے ضابطگیوں کے معاملے میں سی ڈی اے نے بھی کوتاہی برتی۔احسن اقبال نے کہا کہ منصوبے سے متعلق تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، کانسٹیٹیوشن ایونیو پر پہلی عمارت وزارت خارجہ کی ہے، جبکہ ون کانسٹیٹیوشن منصوبے کے متاثرین کو معاوضہ ادا کیا جائے گا۔اس موقع پر وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ سہولت کاری کے باعث لوگوں کو لوٹا گیا، نیب کو ریفرنس لانے کے لیے تین ماہ کا وقت دیا گیا ہے، جو لوگ لوٹے گئے اُن کا کوئی قصور نہیں۔مزید برآں وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے بتایا کہ جے آئی ٹی نے معاملے کی مزید تحقیقات کے لیے نیب کو سفارشات بھجوانے کی سفارش کی ہے، نیب میرٹ پر تحقیقات کرے گی۔

بقیہ جات 19

عدالت نے قرار دیا کہ عدالتی بریت کو تسلیم کیا جائے گا اور امیدوار کے پس منظر اور اہلیت کا معروضی جائزہ لیا جائے گا۔کردار کی منفی تصدیق قیاس آرائی کے بجائے مستند اور قابل تصدیق شواہد پر مبنی ہونی چاہیے۔عدالت کے مطابق بریت کے بعد سابقہ مقدمے کو پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ میں منفی انداز میں ظاہر نہیں کیا جا سکتا، جبکہ زیر سماعت مقدمات کا ذکر صرف ان کی زیر سماعت حیثیت تک محدود ہوگا۔فیصلے میں مزید کہا گیا کہ کسی امیدوار کو سماعت کا موقع دیے بغیر اور معقول وجوہات کے بغیر عام طور پر بھرتی سے خارج نہیں کیا جا سکتا۔بھرتی کے فیصلے قانونی معیار، میرٹ، انصاف اور مساوات کے آئینی اصولوں کے مطابق ہونے چاہئیں۔وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ بریت کے بعد محض شبے کی بنیاد پر انتظامیہ کوئی فیصلہ نہیں کر سکتی۔صرف ایف آئی آر کا اندراج جرم کا ثبوت نہیں ہوتا اور نہ ہی اس سے جرم کا مفروضہ قائم ہوتا ہے۔عدالت نے درخواست گزار عبداللطیف کی امیدواری بحال کرنے کا حکم دیا، جنہوں نے ڈرائیور کانسٹیبل کی میرٹ لسٹ میں دوسری پوزیشن حاصل کی تھی۔فیصلے کے مطابق متعلقہ حکام کو 30 دن کے اندر طبی معائنہ اور دیگر قانونی کارروائی مکمل کر کے تعیناتی کا آرڈر جاری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔درخواست گزار کو 2018 میں ایک مقدمے سے بری کیا جا چکا تھا اور اس کے پاس کلین پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ بھی موجود تھا، تاہم محکمہ پولیس نے بھرتی سے انکار کر دیا تھا۔عدالت نے قرار دیا کہ ڈی جی خان پولیس کے کریکٹر سرٹیفکیٹ کو کسی ٹھوس وجہ کے بغیر نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔ محکمے کا یہ اقدام قانونی بدنیتی اور اختیارات کے غیر قانونی استعمال کے زمرے میں آتا ہے۔تحریری فیصلے میں سورۃ الحجرات، سورۃ النساء اور سورۃ المائدہ کی قرآنی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا کہ اسلامی احکام کے مطابق کسی بھی منفی اقدام کی بنیاد تصدیق شدہ حقائق ہونے چاہئیں، محض شبہ نہیں۔

بقیہ جات 20

کہ ہائیکورٹ کے ڈویژنل بینچ کا فیصلہ ہے اس کو تین رکنی بینچ سن سکتا ہے۔وکیل دل محمد علیزئی نے کہا کہ ہائیکورٹ کا فائنل آرڈر نہیں آیا ہائیکورٹ کا عبوری حکمنامہ ہے۔جسٹس ملک شہزاد نے کہا کہ آپ کے مطابق اگر عبوری حکمنامہ ہے تو آپ کو ہائیکورٹ ہی جانا ہوگا، ہائیکورٹ نے آپ کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔پنجاب، اسلام آباد، سندھ اور خیبر پختونخوا کی جانب سے جمشید دستی کے خلاف کیسز کی رپورٹ جمع کروادی گئی۔ایڈیشنل اٹارنی جنرل راجہ شفقت نے کہا کہ آئی جی پنجاب کی جانب سے جمع رپورٹ کے مطابق جمشید دستی کیخلاف 6 مقدمات درج ہیں، اسلام میں 4 مقدمات درج ہیں، سندھ اور خیبر پختونخوا میں کوئی مقدمہ ریکارڈ پر نہیں۔ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان کی جانب سے مقدمات کا ریکارڈ جمع کروانے کیلئے مہلت مانگ لی، آئندہ سماعت سے قبل رپورٹ جمع کروانے کی ہدایت کی گئی، جسٹس شہزاد احمد ملک اور جسٹس شکیل احمد پر مشتمل دو رکنی بنچ نے سماعت کی۔

بقیہ جات 21

تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، پنڈال سج چکا ہے اور قافلوں کی آمد کا سلسلہ گزشتہ روز سے جاری ہے۔شرکاء کی سیکورٹی کے لیے پولیس کے ہزاروں ملازمین کو ڈیوٹی پر مامور کیا گیا ہے۔انتظامیہ کی جانب سے سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، اجتماع میں داخل ہونے والے تمام افراد کو واک تھرو گیٹس سے گزارا جائے گا اور تلاشی کے بعد پنڈال میں داخلے کی اجازت دی جائے گی۔ضلعی انتظامیہ، ستھرا پنجاب، ریسکیو 1122، ایم سی ایل، لیسکو اور دیگر محکموں کے کیمپ بھی قائم کر دیے گئے ہیں تا کہ شرکا کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ جات 22

ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، ڈی جی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی ڈاکٹر لبنیٰ نذیر اور پنجاب بھر کی 60 سے زائد یونیورسٹیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ڈاکٹر لبنیٰ نذیر نے شرکا کو مہم کے اغراض و مقاصد اور مجوزہ سرگرمیوں پر بریفنگ دی۔مہم کے تحت جامعات میں سیمینارز، ورکشاپس، تصویری مقابلوں، آگاہی واکس اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا تا کہ طلبہ میں صنفی تشدد کی روک تھام، خواتین کے حقوق اور تحفظ سے متعلق شعور اجاگر کیا جا سکے۔حنا پرویز بٹ نے مہم میں تعاون پر سیکرٹری ہائر ایجوکیشن اور یونیورسٹی نمائندگان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی اور صنفی تشدد کے خاتمے کے لیے تعلیمی اداروں سمیت تمام متعلقہ شعبوں کا اشتراک ناگزیر ہے۔

بقیہ جات 23

کی۔اس موقع پر وزیر اعظم نے راولاکوٹ میں مختلف سیکورٹی چیک پوسٹس کا معائنہ کیا اور پولیس اہلکاروں سے ملاقات کر کے حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران وزیر اعظم آزاد کشمیر نے شہداء کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کی اور ورثا میں امدادی چیک تقسیم کیے۔وزیر اعظم نے مختلف سماجی اور عوامی شخصیات سے ملاقاتیں بھی کیں، جن میں راولاکوٹ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ جات 24

پر خیبر پختونخوا کے توانائی مسائل کے پائیدار حل کے لیے وفاقی و صوبائی قیادت کا اہم مشاورتی اجلاس ہوا، جس میں گورنر فیصل کریم کنڈی نے صوبے میں طویل لوڈشیڈنگ کا مسئلہ وفاقی حکومت کے سامنے اٹھایا۔اجلاس میں وفاقی وزیر توانائی اویس احمد لغاری، وفاقی وزیر پٹرولیم، گورنر فیصل کریم کنڈی اور چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے شرکت کی، گورنر خیبر پختونخوا نے پاور ڈویژن میں بجلی و توانائی کے مسائل کے حل سے متعلق اہم اجلاس میں شرکت کی۔گورنر فیصل کریم کنڈی نے زیادہ نقصانات والے علاقوں میں بھی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم سے کم رکھنے جبکہ عوام کو بجلی کی فراہمی میں ریلیف دینے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔وفاقی حکومت اور صوبائی قیادت کی جانب سے خیبر پختونخوا کے توانائی مسائل کے حل اور عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ جات 25

الاقوامی سلامتی کے امور سے متعلق جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی پیش کردہ قراردادوں کی منظوری دی۔علاقائی اور ذیلی علاقائی تناظر میں اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق قرارداد بغیر ووٹنگ کے منظور کی گئی جبکہ علاقائی اور ذیلی علاقائی سطح پر روایتی ہتھیاروں کے کنٹرول سے متعلق قرارداد کو 180 ووٹوں کی بھاری اکثریت سے منظوری ملی۔اس سے قبل پاکستان کی پیش کردہ قرارداد "غیر جوہری ہتھیار رکھنے والی ریاستوں کو جوہری ہتھیاروں کے استعمال یا استعمال کی دھمکی کے خلاف تحفظ کی یقین دہانی کے لیے مؤثر بین الاقوامی انتظامات کا قیام" بھی 122 ووٹوں سے منظور کی گئی جبکہ اس کے خلاف کوئی ووٹ نہیں ڈالا گیا۔پاکستان کئی دہائیوں سے اقوام متحدہ میں روایتی ہتھیاروں کے کنٹرول، اعتماد سازی کے اقدامات اور علاقائی تخفیف اسلحہ جیسے ترجیحی امور کو آگے بڑھانے کے لئے اقدامات کی قیادت کرتا رہا ہے، ایسے وقت میں جب عالمی سطح پر کشیدگی میں اضافہ اور اسلحہ کنٹرول کا موجودہ نظام کمزور ہو رہا ہے۔یہ قراردادیں خطرات میں کمی، اعتماد کے فروغ اور بین الاقوامی و علاقائی امن و استحکام کے لئے عملی اور تعاون پر مبنی راستے فراہم کرتی ہیں۔

بقیہ جات 26

کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کی، جبکہ شاہ ایران کی حمایت، عراق کی مدد اور اقتصادی پابندیاں بھی امریکی دشمنی کا حصہ رہیں۔انہوں نے کہا کہ امریکا نے ایران کے خلاف سیاسی مداخلت، قتل اور براہ راست فوجی حملوں کا راستہ اختیار کیا، لیکن ایران کو کمزور اور تابع بنانے کی تمام کوششیں ناکام رہیں۔ایرانی سپریم لیڈر کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں حالیہ پیش رفت نے امریکی فوجی طاقت کی حدود واضح کر دی ہیں اور ثابت کیا ہے کہ امریکا ناقابل شکست نہیں۔علاقائی ممالک اپنی سلامتی کے لیے ہمیشہ بیرونی طاقتوں پر انحصار نہیں کر سکتے۔مجتبیٰ خامنہ ای نے فلسطین، لبنان، عراق اور یمن کی مزاحمتی تحریکوں کے تعاون کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ تحریکیں مغربی تسلط کے خلاف جدوجہد کا حصہ ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایران کو امریکی دشمنی کے خاتمے کی امید مذاکرات سے نہیں رکھنی چاہیے، کیونکہ امریکی حکومت یا حکمران جماعت کی تبدیلی سے ایران کے خلاف پالیسی تبدیل نہیں ہوگی۔امریکا کو رعایتیں دینے سے اس کے دباؤ اور مطالبات میں مزید اضافہ ہوگا۔ان کا کہنا تھا کہ قومی اتحاد، معاشی ترقی، فوجی طاقت، سائنسی ترقی اور سیاسی خودمختاری ایران کی سلامتی اور مستقبل کی بنیاد ہیں۔مجتبیٰ خامنہ ای نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مایوسی ترک کریں، علم اور عملی مہارتوں کو فروغ دیں اور اپنی اخلاقی تربیت و صلاحیتوں کے ذریعے ملک کی ترقی اور مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کریں۔

بقیہ جات 27

شروع ہو جائے گا۔یہ بات تاجکستان کے سفیر شریف زادہ یوسف نے فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں تاجروں اور صنعتکاروں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ گیس کی فراہمی کا منصوبہ 35 سال قبل شروع ہوا تھا مگر کاسا صرف 10 سال قبل شروع ہوا جو اب تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔امید ہے کہ اگلے سال تک یہ مکمل ہو جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اس وقت صرف 1300 کلومیٹر کے علاقے میں وائرنگ کا کام باقی ہے جس کو مکمل کرنے کے بعد پاکستان کو بجلی کی فراہمی کا سلسلہ شروع ہو سکے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ واحد منصوبہ ہے جس پر 90 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ تاجکستان میں بجلی انتہائی سستی ہے جبکہ وہاں صنعتیں لگانے والوں کو 15 سال کیلئے خصوصی مراعات حاصل ہیں۔اسی طرح مشینری کی درآمد پر کوئی ٹیکس نہیں۔دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی تعلقات میں حائل رکاوٹوں کے بارے میں مختلف مسائل کی نشاندہی کے جواب میں تاجکستان کے سفیر نے کہا کہ لاجسٹکس کی وجہ سے افغانستان کے ذریعے 120 ملین ڈالر کے دھاگے کی برآمد بند ہے۔اس وجہ سے دونوں ملک متاثر ہو رہے ہیں تاہم امید ہے کہ ہمارے حکمران بہت جلد اس کا حل نکال لیں گے۔بینکنگ کے بارے میں شریف زادہ یوسف نے کہا کہ ہمیں دوسروں کے بینکوں پر انحصار کرنے کی بجائے اس کا مقامی قابل عمل حل تلاش کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں فیصل آباد چیمبر کے عہدیداروں کو گورنر سٹیٹ بینک آف پاکستان سے ملاقات کرنی چاہیے اس طرح تجارت کے فروغ کیلئے مڈل مین کو نکال کے براہ راست تجارت کا سلسلہ بھی شروع کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ تاجکستان تعلیم کے حوالے سے بہترین سروسز مہیا کر رہا ہے۔ اس وقت بھی پاکستان کے 600 طلبہ تاجکستان میں میڈیکل کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔انہوں نے باہمی رابطوں کیلئے براہ راست فضائی پروازیں شروع کرنے کے حوالے سے کہا کہ پاکستان کی ایئر پورٹ کی سروسز بہت مہنگی ہیں تاہم ان کے ملک نے پاکستانی تاجروں کیلئے ویزا اور ای ویزا سمیت بہت سی سہولتیں مہیا کی ہیں جن سے توقع ہے کہ اچھا وقت جلد شروع ہونے والا ہے۔انہوں نے فیصل آباد کے تاجروں کو دوشنبہ میں 12 سے 14 نومبر 2026 تک ہونے والی نمائش میں شرکت کی دعوت دی اور یقین دلایا کہ اس حوالے سے تاجکستان کا سفارتخانہ انہیں ہر ممکن سہولتیں مہیا کرے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک بارٹر کے تحت بھی تجارت بڑھا سکتے ہیں۔تاہم ایسے منصوبوں کو ترجیح دینی چاہیے جن سے دونوں ملکوں کو فائدہ ہو۔ تاجک سفیر نے سرکلر سٹی کے منصوبے کو سراہا اور کہا کہ یہ کاروبار ہے اور کار ثواب بھی۔ جس کو لازمی آگے بڑھایا جانا چاہیے۔

بقیہ جات 28

پہ آئی ہے دعا بن کے تمنا میری جیسی آفاقی فکر دینے والے بیسویں صدی کے عظیم صوفی شاعر، قانون دان اور تحریک پاکستان کی اہم ترین شخصیت ڈاکٹر سر علامہ اقبال 9 نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔علامہ اقبال جدید دور کے صوفی شاعر تھے انہوں نے اپنی شاعری کے ذریعے امت مسلمہ میں انقلابی روح بیدار کی ان کی شاعری میں تصوف اور احیائے اسلام کا رنگ نمایاں تھا۔سر علامہ اقبال کی شاعری کی کتب کی انگریزی، جرمن، روسی، فرانسیسی، چینی، جاپانی اور دیگر زبانوں میں تراجم شائع ہو چکے ہیں جس کی وجہ سے دنیا بھر میں آپ کو عظیم مفکر تسلیم کیا جاتا ہے۔سر علامہ محمد اقبال کا بطور سیاستدان عظیم ترین کارنامہ نظریہ پاکستان کی تشکیل ہے یہ نظریہ بعد میں پاکستان کے قیام کی بنیاد بنا۔سر ڈاکٹر علامہ اقبال نے قیام پاکستان کو آنکھوں سے نہیں دیکھا وہ پاکستان کی آزادی سے قبل 21 اپریل 1938 کو انتقال کر گئے تھے لیکن قیام پاکستان میں ان کے عظیم کارناموں کے اعتراف میں انہیں قومی شاعر کا درجہ دیا گیا

بقیہ جات 29

ہوئے متعلقہ افراد اور ان سے منسلک سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے خلاف تحقیقات، قانونی کارروائی اور سی ای او سمیت ان کے اہل خانہ کے تحفظ کی درخواست کی ہے۔کمپلینٹ میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ ضیاء الرحمن اور دیگر افراد کی جانب سے براہ راست دھمکیاں دی گئیں اور مختلف فیس بک اکاؤنٹس کے ذریعے دھمکی آمیز پوسٹس اور تبصرے کیے گئے۔شکایت کے مطابق راشد سومرو نے مبینہ طور پر آزاد ڈیجیٹل کے سی ای او کو جان سے مارنے کی دھمکیاں بھی دیں۔درخواست میں کہا گیا ہے کہ آزاد ڈیجیٹل کے پروگرام نشر ہونے کے بعد سی ای او اور ان کے اہل خانہ کو دھمکیوں کا سامنا کرنا پڑا۔شکایت میں چار فیس بک پروفائلز کو مبینہ دھمکی آمیز سرگرمیوں سے منسلک کیا گیا ہے، جبکہ متعلقہ پوسٹس اور تبصروں کے اسکرین شاٹس اور ویب لنکس بھی بطور شواہد منسلک کیے گئے ہیں۔آزاد ڈیجیٹل نے این سی سی آئی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ مبینہ دھمکیوں میں ملوث افراد اور سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے مالکان و آپریٹرز کی شناخت کی جائے اور تمام ذمہ داران کے خلاف متعلقہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے۔شکایت میں معاملے کو انتہائی سنگین اور ہنگامی نوعیت کا قرار دیتے ہوئے فوری اور شفاف تحقیقات کی استدعا کی گئی ہے۔درخواست گزار نے مطالبہ کیا ہے کہ آزاد ڈیجیٹل کے سی ای او اور ان کے اہل خانہ کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ جات 30

پر 7 فیکٹریاں سیل کر دی گئیں۔خیبر پختونخوا حکومتی ذرائع کے مطابق بدلتا، نکھرتا اور مضبوط خیبر پختونخوا کے تحت یہ کارروائی کی گئی ہے۔ماربل اور چپس فیکٹریوں کی جانب سے فضلے کو غلط طریقے سے ٹھکانے لگانے کے باعث صاف پانی شدید آلودہ ہو رہا ہے جبکہ پشاور ہائی کورٹ کے احکامات کے باوجود بعض فیکٹریاں کچرا تالابوں میں جمع کرنے کے بجائے براہ راست دریا میں پھینک رہی ہیں۔حکومتی ذرائع کے مطابق ملاگوری میں ماربل کا فضلہ درست طریقے سے ٹھکانے نہ لگانے والی فیکٹریوں کو 7 روز کے اندر صفائی یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانا، عوامی صحت کا تحفظ یقینی بنانا اور ماحولیاتی قوانین پر عمل درآمد ممکن بنانا ہے۔خیبر پختونخوا حکومتی ذرائع کے مطابق دریائے کابل کے پانی کو آلودہ کرنے اور ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی کسی بھی فیکٹری کو رعایت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ جات 31

کہا کہ منشیات کی خرید و فروخت اور سپلائی چین کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ترجمان لاہور پولیس نے کہا کہ رواں سال منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 6313 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے خلاف شہر کے مختلف تھانوں میں 6092 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے۔ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 2300 کلو چرس، 750 کلو آئس، 113 کلو ہیروئن، 481 کلو بھنگ، 59 کلو افیون اور 26 ہزار لیٹر سے زائد شراب برآمد کی گئی ہے۔ترجمان نے کہا کہ شہر میں منشیات فروشوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کے لیے آپریشن جاری رہے گا۔

بقیہ جات 32

میں پورٹ قاسم پر 8 جہازوں کے ذریعے ایل پی جی درآمد کی گئی، گزشتہ 2 ماہ میں پورٹ قاسم پر 61 ہزار 38 میٹرک ٹن ایل پی جی ہینڈل کی گئی تھی۔ آر ایل این جی کی درآمد بھی متاثر ہوئی ہے، اکتوبر میں درآمدی حجم کم ہو کر 194 ایم ایم سی ایف ڈی رہ گیا ہے، اکتوبر میں پی ایس او نے صرف 2 آر ایل این جی کارگوز درآمد کیے اکتوبر میں آر ایل این جی کی درآمدی مقدار کم ہو کر 194 ایم ایم سی ایف ڈی رہ گئی ہے۔اکتوبر 2026 میں آر ایل این جی کی درآمدی قیمت میں ماہانہ بنیاد پر 14 فیصد اضافہ ہوا ہے، آر ایل این جی کی قیمت بڑھ کر 94.15 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو ہو گئی، اکتوبر میں آر ایل این جی کی مجموعی درآمدی مالیت 701.98 ملین ڈالر ریکارڈ کی گئی ہے۔آر ایل این جی کی درآمد پر فی کارگو 49 ملین ڈالر لاگت آئی ہے، آر ایل این جی کی قیمت میں اضافے کی وجہ عالمی تیل کی بلند قیمتیں اور ٹرمینل چارجز ہیں، قطر سے آر ایل این جی کے نئے معاہدے کی قیمت برینٹ کے 10.20 فیصد کے مساوی ہوگی، ایل پی جی اور آر ایل این جی کی درآمدات میں کمی سے گیس کی فراہمی پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ جات 33

انتظامات کیے گئے ہیں، اجتماع میں داخل ہونے والے تمام افراد کو واک تھرو گیٹس سے گزارا جائے گا اور تلاشی کے بعد پنڈال میں داخلے کی اجازت دی جائے گی۔ضلعی انتظامیہ، ستھرا پنجاب، ریسکیو 1122، ایم سی ایل، لیسکو اور دیگر محکموں کے کیمپ بھی قائم کر دیے گئے ہیں تا کہ شرکا کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا کرنا پڑے۔

بقیہ جات 34

اور تحقیقاتی اداروں نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کرتے ہوئے قانونی کارروائی شروع کر دی۔جاں بحق شخص کی لاش مردہ خانے منتقل کر دی گئی۔

بقیہ جات 35

فعال کرنا لازمی ہوگا، ٹیکس سٹیمپ کے بغیر درآمدی اشیا کی کسٹم کلیئرنس نہیں ہو سکے گی جبکہ سٹیمپ کی تنصیب اور ایکٹیویشن کلیئرنس سے قبل کرنا ضروری ہوگا۔ایف بی آر کے مطابق ریٹیل اور آٹو کمپنیوں کو سپلائی کی جانے والی اسٹوریج بیٹریاں بھی نئے قواعد کے دائرے میں شامل ہوں گی تاہم بیٹریوں کے پرزوں پر ان قواعد کا اطلاق نہیں ہوگا، سرکاری ملکیتی اداروں (سٹیٹ اونڈ انٹرپرائزز) کو بھی نئے رولز میں شامل کر دیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ ٹیکس سٹیمپ مصنوعات اور ان کی پیکنگ دونوں پر لگایا جائے گا، ایک لائسنس صرف ایک مخصوص پروڈکٹ کے لیے قابل استعمال ہوگا اور لائسنس ہولڈر کسی دوسری پروڈکٹ کی ٹریکنگ نہیں کر سکے گا، جبکہ پہلے سے جاری لائسنس بھی اسی پابندی کے تابع ہوں گے۔ایف بی آر نے لائسنس کے حصول کے لیے صرف کمپنی ہونے کی شرط ختم کر دی ہے، اب کوئی بھی اہل درخواست گزار لائسنس حاصل کر سکے گا، لائسنس ہولڈر کے لیے ٹیکس اسٹیمپ سسٹم کی تنصیب اور مرمت کی ذمہ داری بھی لازمی قرار دی گئی ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق ٹریکنگ سسٹم کا تمام ڈیٹا حکومت پاکستان کی ملکیت ہوگا، جبکہ لائسنس کی مدت ختم ہونے پر متعلقہ ڈیٹا اور کوڈز ایف بی آر کے حوالے کرنا ہوں گے۔

بقیہ جات 36

متعلقہ کمپنیوں کی رجسٹریشن محکمہ کے قوانین کے تحت منسوخ کر دی گئی ہے۔محکمہ زراعت نے تمام پیسٹی سائیڈ انسپکٹرز کو ہدایت کی ہے کہ مارکیٹ کی کڑی نگرانی کی جائے اور مذکورہ کمپنیوں کی مصنوعات کی ریٹیل سطح پر فروخت روکنے کے لیے ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے۔ڈی لسٹ کی گئی کمپنیوں میں زین ایگرو کیمیکلز، کینڈور انٹر پرائزز، گرین کراپس پرائیویٹ لمیٹڈ، بائیو پروٹیکٹنٹ انٹرنیشنل، قادری ایگرو ٹریڈرز، انوویٹو کیمیکلز، سکما انٹرنیشنل، سندس فرٹیلائزر اینڈ کیمیکلز، یوائے کیو کیمیکلز انڈسٹریز، امپیریل ایگرو سائنسز، سوائل فارم سروسز، اسٹار پیسٹی ایگرو انٹرنیشنل، نایاب فارمنگ کیمیکلز، کیو اینڈ کیو انٹرنیشنل، فور برادرز فارمز، ایس جی کراپ سائنسز، عترہ انٹر پرائزز، ایف ایم زیڈ انٹر پرائزز، اسٹیڈیک ٹیکنالوجی کمرشلائزیشن کارپوریشن آف پاکستان، سولوے ایگرو، ایمگل پرائیویٹ لمیٹڈ، چین پنجاب کیمیکلز، ایمگل کیمیکلز، آربیکو انٹرنیشنل، انسٹا کراپ سائنس، افنان کراپ کیئر، خان کراپ کیئر، ایگری ورلڈ کیمیکلز اور ایگری میکس سیڈ اینڈ سائنسز شامل ہیں۔پنجاب پیسٹی سائیڈ ڈیلرز ایسوسی ایشن (PPDA) نے صوبہ بھر کے ڈیلرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی دکانوں اور گوداموں میں موجود اسٹاک کی فوری چیک کریں اور مذکورہ کمپنیوں کی مصنوعات کی خرید و فروخت سے گریز کریں تا کہ ممکنہ قانونی کارروائی، جرمانوں اور دکانوں کی سیلنگ سے محفوظ رہ سکیں۔ایسوسی ایشن نے تمام ڈیلرز سے اپیل کی ہے کہ وہ سرکاری حکم نامے کا بغور مطالعہ کریں اور اس حوالے سے دیگر ساتھیوں کو بھی آگاہ کریں۔

بقیہ جات 37

کیوسک، خیر آباد پل آمد 49 ہزار 700 کیوسک اور اخراج 49 ہزار 700 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 24 ہزار 400 کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 2 ہزار 600 کیوسک رہا۔جناح بیراج آمد 87 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 80 ہزار 700 کیوسک، چشمہ آمد 75 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 63 ہزار کیوسک، تونسہ آمد 63 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 50 ہزار کیوسک، گدو آمد 41 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 34 ہزار 800 کیوسک، سکھر آمد 30 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 10 ہزار 600 کیوسک، کوٹری آمد 14 ہزار 700 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، تریموں آمد 8 ہزار 600 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک، پنجند آمد 6 ہزار 200 کیوسک اور اخراج صفر کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ آبی ذخائر میں تربیلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1402 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 17.1503 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1550 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 111.3 ملین ایکڑ فٹ، منگلا کا کم از کم آپریٹنگ لیول 1050 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 80.1193 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 1242 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 861.3 ملین ایکڑ فٹ جبکہ چشمہ کا کم از کم آپریٹنگ لیول 15.638 فٹ، پانی کی موجودہ سطح 90.644 فٹ، پانی ذخیرہ کرنے کی انتہائی سطح 649 فٹ اور قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 138.0 ملین ایکڑ فٹ رہا۔تربیلا، جناح اور چشمہ کے مقامات پر دریائے سندھ، نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل اور منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد و اخراج 24 گھنٹے کے اوسط بہاؤ کی صورت میں ہے جبکہ دیگر مقامات پر پانی کی آمد و اخراج کی تفصیل آج صبح 6 بجے کی ہے۔

بقیہ جات 38

کی، شام 6 سے 9 بجے تک گھریلو صارفین کو گیس فراہم کی جائے گی۔

بقیہ جات 39

اور مدینہ ٹاؤن نے ملزم کو گرفتار کیا۔ترجمان کے مطابق اکتوبر کے دوران موبائل پولیس اسٹیشنز کو 2 ہزار 663 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 2 ہزار 348 شکایات پر شہریوں کو ان کی دہلیز پر ریلیف فراہم کیا گیا جبکہ 900 سے زائد ایف آئی آرز بھی درج کی گئیں۔گزشتہ ماہ خواتین کی درخواستوں پر 130 سے زائد ایف آئی آرز درج کی گئیں جبکہ موبائل پولیس اسٹیشنز کے ذریعے 20 ہزار سے زائد کریکٹر سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے۔ترجمان کے مطابق اکتوبر میں 900 سے زائد کرایہ داروں اور 5 ہزار سے زائد ملازمین کی رجسٹریشن مکمل کی گئی، جبکہ 31 ہزار سے زائد شہریوں کو ڈرائیونگ لائسنس کی سہولت فراہم کی گئی۔ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے بتایا کہ شہریوں کو سہولت فراہم کرنا اور پولیس خدمات ان کی دہلیز تک پہنچانا اولین ترجیح ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر خواتین کو ہراساں کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، خواتین بلاخوف اپنی شکایات کے اندراج اور قانونی معاونت کے لیے موبائل پولیس اسٹیشن سے رابطہ کر سکتی ہیں۔

بقیہ جات 40

سرکاری املاک پر ناجائز قبضوں اور بڑھتی ہوئی تجاوزات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنرز سے رپورٹس طلب کرتے ہوئے انہیں قابضین کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا ہے جس پر سرگودھا شہر بھر میں کمرشل پلازوں، ہسپتالوں، سکولز، گھروں کے باہر اور بازاروں میں بڑھتی ہوئی تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کرنے کے لئے اقدامات شروع کر دیئے گئے۔

بقیہ جات 41

کے تمام فونڈیشن اسٹڈیز مکمل ہو چکے ہیں، عمارت تیار ہے اور مشینری بھی نصب کر دی گئی ہے، تاہم فیکٹری کو پیداوار شروع کرنے کے لیے حکومت کی لیتھیم بیٹری مینوفیکچرنگ پالیسی کی منظوری کا انتظار ہے۔اس منصوبے کے حوالے سے رواں سال جولائی میں ایک چینی بیٹری ساز کمپنی اور مقامی نجی سرمایہ کار کے ساتھ معاہدہ کیا گیا تھا۔فیکٹری کے ابتدائی مرحلے میں سالانہ 200 سے 300 میگاواٹ گھنٹے کی بیٹری سیلز تیار کرنے کی صلاحیت ہوگی جسے بعد ازاں بڑھا کر ایک ہزار میگاواٹ گھنٹے سے بھی زیادہ کیا جائے گا۔یہ منصوبہ پاکستان میں بیٹریوں کی مقامی تیاری کی صلاحیت بڑھانے اور توانائی ذخیرہ کرنے کی ٹیکنالوجی کے لیے درآمدات پر انحصار کم کرنے کی حکومتی کوششوں کا حصہ ہے۔گھریلو صارفین، صنعتی شعبے اور الیکٹرک گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث ملک میں بیٹریوں کی طلب میں مسلسل اضافے کا امکان ہے۔رپورٹ کے مطابق حکومت نے لیتھیم بیٹریوں کی تیاری سے متعلق پالیسی مرتب کر کے رواں سال مارچ میں وزارت صنعت و پیداوار کو ارسال کر دی تھی تاہم اس کی منظوری تا حال زیر التواء ہے۔مجوزہ پالیسی کے تحت ملک میں بیٹری سازی کے چار بڑے کارخانے قائم کرنے کا منصوبہ ہے جن میں سے تین پنجاب کے لاہور، فیصل آباد اور راولپنڈی ڈویژنز جبکہ ایک کراچی میں قائم کیا جائے گا۔پالیسی میں بیٹری مینوفیکچررز کے لیے اپنی پیداوار کا ایک مخصوص حصہ برآمد کرنا لازمی قرار دینے کے ساتھ عالمی معیار کے حفاظتی اور کارکردگی کے ضوابط پر عمل درآمد کی شرط بھی شامل ہے۔حامد علی منصور کے مطابق اگر پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح پانچ فیصد یا اس سے زیادہ رہی تو جون 2030 تک بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹمز کی طلب ایک لاکھ میگاواٹ تک پہنچ سکتی ہے، جبکہ معاشی ترقی کی شرح تین فیصد سے کم رہنے کی صورت میں یہ طلب تقریباً 80 ہزار میگاواٹ رہنے کا تخمینہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ صرف بجلی کے قومی نظام کو مستحکم رکھنے کے لیے 3 ہزار سے 5 ہزار میگاواٹ تک بیٹری اسٹوریج درکار ہوگی، جبکہ ملک کی مجموعی ضروریات پوری کرنے کے لیے چار سے پانچ گیگا فیکٹریاں قائم کرنا ہوں گی۔ہر فیکٹری پر تقریباً ایک ارب سے ایک ارب 25 کروڑ ڈالر لاگت آنے کا تخمینہ ہے۔

بقیہ جات 42

پہنچ گئی اور اہم راستوں پر ناکہ بندی کر لی گئی ہے۔ڈی پی او کے مطابق مغوی سپروائزر کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں، ضلع بھر میں گزشتہ روز سے سات روزہ انسداد پولیو مہم جاری ہے

بقیہ جات 43

اور 32 غیر ملکی ایئر لائنز شامل ہیں۔ملکی ایئر لائنز میں فلائی جناح، پی آئی اے، ایئر بلیو، ایئر سیال اور ساتھ ایئر شامل ہیں جبکہ سرین ایئر اکتوبر 2025 سے بند ہے۔دوسری جانب پاکستان کی بین الاقوامی فضائی سفر میں امارات ایئر لائنز کا حصہ سب سے زیادہ ہے جو پاکستان سے ہفتہ وار 39 پروازیں چلاتی ہے۔سعودی ایئر لائنز 30 اور اتحاد ایئر لائنز 23 ہفتہ وار پروازوں کے ساتھ نمایاں ہیں۔دستیاب اعداد و شمار کے مطابق امارات ایئر لائنز کراچی سے روزانہ 7 پروازیں چلاتی ہے جبکہ قطر ایئر ویز پاکستان سے ہفتہ وار 28 پروازیں آپریٹ کرتی ہے۔پاکستان کی بین الاقوامی فضائی سفری مارکیٹ میں سالانہ ڈیڑھ سے ایک کروڑ 60 لاکھ مسافر سفر کرتے ہیں جس میں امارات ایئر لائنز کا حصہ 18 سے 20 فیصد بتایا گیا ہے۔اندازوں کے مطابق امارات پاکستان سے سالانہ تقریباً ایک ارب 20 کروڑ ڈالر کی ٹکٹیں فروخت کرتی ہے جبکہ کارگو سے حاصل ہونے والی آمدن اس کے علاوہ ہے۔اعداد و شمار کے مطابق قطر ایئر ویز کی پاکستان سے سالانہ آمدن کا تخمینہ 80 سے 90 کروڑ ڈالر جبکہ سعودی ایئر لائنز کی آمدن 70 سے 75 کروڑ ڈالر لگایا گیا ہے۔پاکستان سے بین الاقوامی فضائی ٹکٹوں کی آمدن کا تقریباً دو تہائی حصہ غیر ملکی ایئر لائنز حاصل کر رہی ہیں جس کے باعث ملک کی فضائی سفری مارکیٹ میں ملکی ایئر لائنز کا حصہ بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا جا رہا ہے۔کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق پاکستان کو اپنی ملکی ایئر لائنز کو مضبوط بنانا ہوگا بصورت دیگر بین الاقوامی فضائی سفر سے حاصل ہونے والی آمدن کا بڑا حصہ بیرون ملک منتقل ہوتا رہے گا۔

بقیہ جات 44

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کے ساتھ کھڑے رہنے اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا، دونوں فریقین نے خطے سمیت عالمی صورتحال پر تعمیری تبادلہ خیال کیا اور دہشت گرد تنظیموں، خصوصاً سرحد پار سرگرم دہشت گرد نیٹ ورکس سے لاحق خطرات کا جائزہ لیا۔ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ مذاکرات میں افغانستان کے اندر اور وہاں سے سرگرم دہشت گرد گروہوں سے لاحق خطرات پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔دونوں ممالک نے علاقائی استحکام اور سلامتی کے لیے پاکستان کی خدمات اور کوششوں کا اعتراف بھی کیا۔

بقیہ جات 45

ڈی ایچ اے فیز 5 میں اے کیو آئی لیول 282 ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ جات 46

معروف علی اور محمد ریاض شامل ہیں۔جھگڑے کے فوری بعد پولیس نے نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے کارروائی کیلئے تھانہ سٹی منتقل کر دیا تھا۔ایمرجنسی وارڈ میں مبینہ جھگڑے کے بعد اسسٹنٹ کمشنر سدرہ ستار بھی موقع پر پہنچ گئی اور حقائق معلوم کئے۔

بقیہ جات 47

کو ہدایت کی کہ نہری پانی چوری کی روک تھام کے لیے کارروائیاں مزید تیز اور مؤثر بنانے کے ساتھ ای آبیانہ وصولیوں کے مقررہ اہداف بروقت حاصل کیے جائیں۔علی اکبر بھنڈر کا کہنا تھا کہ کاشتکاروں کو ای آبیانہ نظام اور آن لائن ادائیگی کے طریقہ کار سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے اور آبپاشی واجبات کی وصولی میں تیزی لانے کے لیے باقاعدہ مانیٹرنگ اور بین المحکمہ جاتی رابطہ مؤثر بنایا جائے۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع بھر میں نہری پانی چوری کی روک تھام کے لیے کارروائیاں جاری اور سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں اور تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو علاقوں میں فیلڈ نگرانی مؤثر بنانے کی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں، ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے کہا کہ نہری پانی چوری کی خلاف ورزیوں پر فوری کارروائی یقینی بنائی جا رہی ہے اور ای آبیانہ وصولیوں کے لیے محکمہ آبپاشی سے مکمل تعاون کیا جا رہا ہے، کاشتکاروں کو بروقت ادائیگی کی ترغیب دی جائے گی

بقیہ جات 48

کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔وفاقی وزیر جام کمال خان نے باسمتی چاول کے حوالے سے پاکستان کے جائز دعوؤں کی بھرپور حمایت پر ترکیہ کا شکریہ ادا کیا اور عالمی منڈیوں میں پاکستان کی اعلیٰ معیار کی زرعی مصنوعات کے تحفظ اور فروغ کے لیے مسلسل تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔وفاقی وزیر تجارت نے ترک کمپنیوں کے لیے پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرتے ہوئے بالخصوص کراچی انڈسٹریل پارک میں ترک کاروباری اداروں کے لیے مختص ایک ہزار ایکڑ اراضی کا ذکر کیا۔انہوں نے ترک کاروباری اداروں کو اس موقع سے فائدہ اٹھانے، صنعتی یونٹس قائم کرنے اور پاکستان میں اپنی پیداواری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کو وسعت دینے کی دعوت دی۔جام کمال خان نے پاکستان کی زرعی برآمدات کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے

بقیہ جات 49

بہتر ہوئی، جبکہ شہریوں کو درپیش سفری مشکلات کا بھی خاتمہ ہو گیا۔قانون اور ریاست کی بالادستی یقینی بنانے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کا غیر متزلزل عزم کلیدی رہا، کامیاب کارروائی کے بعد علاقے میں ٹریفک کی روانی بحال ہو گئی اور شہریوں کو آمد و رفت میں پیش آنے والی مشکلات سے نجات مل گئی۔

بقیہ جات 50

اتھارٹی ڈاکٹر لبنیٰ نذیر اور پنجاب بھر کی 60 سے زائد یونیورسٹیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ڈاکٹر لبنیٰ نذیر نے شرکا کو مہم کے اغراض و مقاصد اور مجوزہ سرگرمیوں پر بریفنگ دی۔مہم کے تحت جامعات میں سیمینارز، ورکشاپس، تصویری مقابلوں، آگاہی واکس اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا تا کہ طلبہ میں صنفی تشدد کی روک تھام، خواتین کے حقوق اور تحفظ سے متعلق شعور اجاگر کیا جا سکے۔حنا پرویز بٹ نے مہم میں تعاون پر سیکرٹری ہائر ایجوکیشن اور یونیورسٹی نمائندگان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی اور صنفی تشدد کے خاتمے کے لیے تعلیمی اداروں سمیت تمام متعلقہ شعبوں کا اشتراک ناگزیر ہے۔

بقیہ جات 51

سنسر شپ، ڈیجیٹل نگرانی اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پابندیوں پر مبنی قوانین کے ذریعے جائز آوازوں کو دبایا، زمینی حقائق کو مسخ اور بنیادی حقوق و حق خود ارادیت کی جدوجہد کو غیر معتبر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔انہوں نے بڑھتے ہوئے عالمی تعصب اور تقسیم کے تناظر میں اسلاموفوبیا، نسل پرستی اور غیر ملکیوں سے نفرت کے رجحانات کی روک تھام کے لئے بین الاقوامی سطح پر مشترکہ اقدامات اور تعاون کی ضرورت پر بھی زور دیا۔پاکستانی مندوب نے کثیر القومی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے ہاتھوں اختیارات کے غیر معمولی ارتکاز کو روکنے اور مقبوضہ علاقوں اور تنازعات کے شکار خطوں میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو چھپانے کے لئے ذرائع ابلاغ پر عائد پابندیوں کے استعمال کی روک تھام پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ غلط معلومات، گمراہ کن پروپیگنڈا اور نفرت انگیز مواد اب محض ابلاغی مسائل نہیں رہے بلکہ معاشروں میں تقسیم پیدا کرنے، عوامی اعتماد کو نقصان پہنچانے اور تنازعات کے دوران رائے عامہ کو متاثر کرنے کے لئے منظم ہتھیار کے طور پر استعمال ہو رہے ہیں۔امانت علی نے عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے غیر شفاف الگورتھمز اور مواد سے متعلق پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ کمپنیاں بغیر کسی مؤثر جواب دہی کے عالمی سطح پر عوامی مباحثے اور اطلاعات کے بہاؤ کو کنٹرول اور تبدیل کر رہی ہیں۔انہوں نے قابض قوتوں کی جانب سے اطلاعات تک رسائی میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی حکمت عملی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ انٹرنیٹ کی بندش، ڈیجیٹل نگرانی، سنسر شپ اور سخت میڈیا قوانین کے ذریعے اختلافی آوازوں کو خاموش اور زمینی حقائق کو مسخ کیا جاتا ہے۔پاکستانی مندوب نے مصنوعی ذہانت کے علم میں اضافے اور ترقی کے عمل کو تیز کرنے کی صلاحیت کو تسلیم کرتے ہوئے خبردار کیا کہ اس کا غلط استعمال بڑے پیمانے پر دھوکہ دہی اور معلومات کی ساکھ کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتا ہے، اس لئے اس شعبے میں شفاف عالمی نظام حکمرانی ناگزیر ہے۔انہوں نے اقوام متحدہ کے شعبہ اطلاعات (ڈی جی سی) پر زور دیا کہ وہ کثیر اللسانی نظام کے فروغ کے لئے مزید وسائل مختص کرے تا کہ اقوام متحدہ کی سرکاری زبانوں کے درمیان موجود فرق کو کم کیا جا سکے اور مستند و متوازن معلومات کی فراہمی کے لیے مقامی اقوام متحدہ کے اطلاعاتی مراکز کی خدمات سے استفادہ کیا جائے۔

بقیہ جات 52

میوزک سے لطف اندوز ہوتے نظر آ رہے ہیں۔اس ویڈیو میں اکیڈمی کے بچوں کو ہارمونیم بجاتے اور روایتی گیت گاتے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ علی ڈار اپنے بیٹے کو پیار کرتے، گلے لگاتے اور اس کے ہاتھ و گال پر بوسہ دیتے نظر آئے۔علی ڈار کے بیٹے کے ہمراہ ان محبت بھرے لمحات نے سوشل میڈیا صارفین کے دل جیت لیے، اس ویڈیو پر پاکستان کی معروف شخصیات نے بھی اپنے محبت بھرے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔علی ڈار اس سے قبل بھی آٹزم کے شکار بچے کے والد بننے کے بعد ہونے والے اپنے تجربات پر بات کر چکے ہیں اور پاکستان میں آٹزم سے متعلق آگاہی کے فروغ کے لیے سرگرم ہیں۔ان کے صاحبزادے ابراہیم آٹسٹک ہیں، اس لیے اکیڈمی میں ابراہیم کے ساتھ خوش گوار لمحات گزار کر انہوں نے اسپیشل بچوں کی معاشرے میں شمولیت، محبت اور قبولیت کے حوالے سے ایک مثبت پیغام دیا ہے۔لاہور کی سرتال میوزک اکیڈمی کے بچے اپنی موسیقی کی صلاحیتوں کے باعث پہلے بھی سوشل میڈیا پر عالمی توجہ حاصل کر چکے ہیں۔

بقیہ جات 53

بنانے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کا غیر متزلزل عزم کلیدی رہا۔کامیاب کارروائی کے بعد علاقے میں ٹریفک کی روانی بحال ہو گئی اور شہریوں کو آمد و رفت میں پیش آنے والی مشکلات سے نجات مل گئی۔

بقیہ جات 54

مرزا نے کہا کہ یہ تمام مصنوعات مکمل طور پر ہاتھ سے تیار کی گئی ہیں، ان میں کسی مشین کا استعمال نہیں کیا گیا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق مرزا کی گلابی لکڑی سے تیار کردہ مصنوعات میں مٹھائی کے ڈبے، چائے کی میزیں، ٹشو بکس، زیورات کے ڈبے اور خشک میوہ جات رکھنے کی ٹرے شامل تھی۔ایک چمکدار جار کو پلاسٹک کا سمجھنے پر انہوں نے فوری وضاحت کی کہ یہ پاکستانی گلابی لکڑی سے تیار کیا گیا ہے، جس کا موازنہ انہوں نے چینی کلاسیکی فرنیچر میں استعمال ہونے والی ہوالی لکڑی سے کیا۔مرزا نے بتایا کہ چینی سال گھوڑا کے پیش نظر وہ پیتل سے بنے گھوڑے بھی لائے ہیں، کیونکہ لوگ اس جانور کو پسند کرتے ہیں تاہم انہوں نے کہا کہ ان مصنوعات کا ذخیرہ محدود ہے۔ان کے مطابق بعض ڈیزائن خاص طور پر چینی لوگوں کی پسند کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیے گئے ہیں۔چینی خریداروں کے لیے کسی ایک مصنوعات کا انتخاب کرنے کے سوال پر مرزا نے ہلکے سبز رنگ کے پتھر کو ترجیح دی، جسے وہ پاکستانی جیڈ کہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ رنگ قدرتی ہے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نمائش کے ابتدائی دنوں میں انہوں نے اپنی مصنوعات متعارف کرانے کے لیے خریداروں کو خصوصی رعایتیں بھی دیں۔ان کے بڑے بھائی منیر محمد نے بتایا کہ وہ گزشتہ تقریباً دو برس سے چین میں کاروبار کر رہے ہیں اور میں مزید دو ماہ قیام کا ارادہ رکھتے ہیں۔ان کے مطابق چینی خریداروں کی جانب سے پتھر اور لکڑی سے تیار کردہ مصنوعات میں زیادہ دلچسپی متوقع ہے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال 26-2025 کے دوران چین کو پاکستان کی برآمدات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 4.8 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 68.2 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں۔مذکورہ مالی سال 30 جون کو ختم ہوا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق صوبہ گانسو میں 9 ویں سلک روڈ بین الاقوامی ثقافتی نمائش 2 سے 4 نومبر تک جاری ہے۔

بقیہ جات 55

سکوپ ٹوٹ گئی۔واقعے کا مقدمہ نمبری 1102/26 تھانہ سٹی میں ڈاکٹر معیز کی مدعیت میں درج کر لیا گیا ہے۔مقدمہ میں تین نامعلوم اور تین نامزد ملزمان سمیر علی معروف علی اور محمد ریاض شامل ہیں۔جھگڑے کے فوری بعد پولیس نے نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے کارروائی کیلئے تھانہ سٹی منتقل کر دیا تھا۔ایمرجنسی وارڈ میں مبینہ جھگڑے کے بعد اسسٹنٹ کمشنر سدرہ ستار بھی موقع پر پہنچ گئی اور حقائق معلوم کئے۔

بقیہ جات 56

کی آخری تاریخ 6 نومبر مقرر کی گئی ہے۔انتخابی شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 سے 13 نومبر تک ہوگی، جبکہ مسترد ہونے والے کاغذات کے خلاف اپیلیں 14 سے 18 نومبر تک دائر کی جا سکیں گی۔اپیلٹ اتھارٹی 19 سے 23 نومبر تک اپیلوں پر فیصلے کرے گی۔امیدوار 25 نومبر تک اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکیں گے، جبکہ انتخابی نشانات 26 نومبر کو الاٹ کیے جائیں گے۔اسلام آباد کو بلدیاتی انتخابات کے لیے 125 یونین کونسلز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ان یونین کونسلز کے کاغذات نامزدگی 16 ریٹرننگ افسران وصول کریں گے۔اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی، جبکہ غیر حتمی نتائج 21 سے 24 دسمبر تک مرتب کیے جائیں گے۔واضح رہے کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2015 کے قانون کے تحت کرائے جا رہے ہیں۔

بقیہ جات 57

سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اقبال کے پیغام خودی کو سمجھیں اور اسے اپنی زندگی کا حصہ بنائیں کیونکہ یہی فلسفہ ہمیں نظریاتی استحکام اخلاقی قوت اور اجتماعی شعور عطا کرتا ہے۔انہوں نے علامہ اقبال کے افکار کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ اقبال کے فلسفہ خودی کو عملی زندگی میں نافذ کرنے کے لیے فکری و سماجی سطح پر کاوشیں جاری رکھی جائیں گی۔مفکر پاکستان شاعر مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے الگ آزاد مملکت خداداد کا خواب دیکھا اور اس کے لئے تعبیر کے لئے انتھک جدوجہد کے قائد اعظم محمد علی جناح نے اقبال کے خواب کو حقیقت کا روپ دیا اور پاکستان معرض وجود میں آیا اور ہم آزاد فضاؤں میں سانس لے رہے ہیں تو یہ تحریک آزادی پاکستان کے کارکنوں اور شہیدوں کی بدولت ہے

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان سے تعاون جاری رہے گا: برطانیہ

پاکستان اور برطانیہ کے درمیان انسدادِ دہشت گردی سے متعلق دوطرفہ مذاکرات ہوئے، جن میں خطے اور عالمی سطح پر سکیورٹی کی صورتحال، دہشت گرد تنظیموں سے لاحق خطرات اور علاقائی استحکام کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

مذاکرات کے دوران برطانوی وفد نے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات کے نتیجے میں بے گناہ انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کی

اسلام آباد: (بیورو رپورٹ) پاکستان اور برطانیہ کے درمیان انسدادِ دہشت گردی سے متعلق دوطرفہ مذاکرات ہوئے، جن میں خطے اور عالمی سطح پر سکیورٹی کی صورتحال، دہشت گرد تنظیموں سے لاحق خطرات اور علاقائی استحکام کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستانی وفد کی قیادت ڈائریکٹر جنرل کاؤنٹر ٹیرازم ڈاکٹر فریحہ بگٹی نے کی۔ مذاکرات کے دوران برطانوی وفد نے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات کے نتیجے میں بے گناہ انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کی۔ برطانیہ نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)


وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔


ستھرا پنجاب اتھارٹی کے ورکر جی ٹی روڈ کی دھلائی میں مصروف ہیں۔

وزیر تجارت کی ترک ہم منصب سے ملاقات

باہمی تجارت کے فروغ اور پاکستان میں ترک سرمایہ کاری کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

استنبول (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے استنبول میں اقتصادی و تجارتی تعاون کی تنظیم (کومسیک) کے 42ویں اجلاس کے موقع پر ترکیہ کے وزیر تجارت پروفیسر ڈاکٹر عمر بولاٹ سے ملاقات کی اور باہمی تجارت کے فروغ، پاکستانی زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافے اور پاکستان میں ترک سرمایہ کاری کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں وزرا نے باہمی اقتصادی و تجارتی مفادات سے متعلق امور پر مفصل گفتگو کی اور پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارتی تعلقات (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)


لاہور: موٹر سائیکل سوار شہری ریڑھی والے سے ٹماٹر خرید رہا ہے۔

صوبائی دارالحکومت لاہور ایک بار پھر دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور ایک دن کے وقفے کے بعد دوبارہ آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا۔ لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی سطح 362 تک پہنچ گئی۔ مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی صورتحال کے مطابق اقبال ٹاؤن میں سب سے زیادہ اے کیو آئی لیول 722 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ برکی روڈ پر 455، ماڈل ٹاؤن میں 362، بیدیاں روڈ پر 264 اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

پاکستان کی ڈومیسٹک فضائی مارکیٹ میں فلائی جناح پہلے نمبر پر آ گئی

بین الاقوامی روٹس پر امارات ایئر لائنز پہلے، سعودی ایئر لائنز دوسرے اور قطر ایئر ویز تیسرے نمبر پر رہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں اندرون ملک مسافروں کی آمدورفت کے شعبے میں فلائی جناح نے سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ سی اے اے کے 2024-25 کے اعداد و شمار کے مطابق اندرون ملک سب سے زیادہ مسافروں کو لانے اور لے جانے میں فلائی جناح پہلے نمبر پر آ گئی، پی آئی اے دوسرے اور ایئر بلیو تیسرے نمبر پر رہی۔ فلائی جناح نے اندرون ملک 19 لاکھ 67 ہزار مسافروں کو ان کی منزل تک پہنچایا، پی آئی اے کے ذریعے 18 لاکھ 51 ہزار جبکہ ایئر بلیو کے ذریعے 10 لاکھ 4 ہزار مسافروں نے سفر کیا۔ ایئر سیال کے ذریعے 8 لاکھ 13 ہزار مسافروں نے اندرون ملک سفر کیا۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں اس وقت 37 ایئر لائنز فضائی خدمات فراہم کر رہی ہیں جن میں 5 ملکی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

اک موریا پل کے قریب سرکاری ڈمپر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق، دوسرا زخمی

لاہور (سٹاف رپورٹر) اک موریا پل کے قریب سرکاری ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا۔ بتایا گیا ہے کہ بکی گیٹ اک موریا پل کے قریب تیز رفتار سرکاری ڈمپر نے موٹر سائیکل سواروں کو ٹکر ماری جس کے نتیجے میں شیخوپورہ کا رہائشی 55 سالہ بلال موقع پر دم توڑ گیا جبکہ ساتھ بیٹھا دوسرا شخص زخمی ہو گیا جسے طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

لاہور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 6313 ملزمان گرفتار

منشیات سے پاک لاہور کے لیے پُرعزم ہیں، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) منشیات سے پاک لاہور کے لیے پُرعزم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے حوالے سے آج یہاں جاری اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے والے معاشرے کا ناسور ہیں، انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ سی سی پی او لاہور نے تعلیمی اداروں اور ہاسٹلز کے گردونواح میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر31)


لاہور: ایک نوجوان کھانے کی مختلف اشیاء فروخت کرنے کے لئے بیٹھا ہے۔

چونیاں ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈاکٹر پر تشدد، مقدمہ درج

چونیاں (سٹاف رپورٹر) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونیاں میں مریض کے لواحقین کی جانب سے ڈاکٹر پر مبینہ تشدد کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی ایمرجنسی میں گزشتہ رات لواحقین نے ڈیوٹی ڈاکٹر معیز ارشد پر لاتوں گھونسوں سے پٹائی کی، کرسیوں سے حملہ کر دیا تھا، پر تشدد حملے میں ڈاکٹر معیز زخمی ہوا، انکے کپڑے پھٹ گئے، عملہ کا ایک شخص زخمی ہوا اور سٹیتھوسکوپ ٹوٹ گئی۔ واقعے کا مقدمہ نمبری 26/1102 تھانہ سٹی میں ڈاکٹر معیز کی مدعیت میں درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ میں تین نامعلوم اور تین نامزد ملزمان سمیر علی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر46)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

ایف بی آر نے سیلز ٹیکس رولز میں ترمیم کرتے ہوئے گھریلو الیکٹریکل سامان کا دائرہ کار وسیع کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس رولز میں ترمیم کرتے ہوئے گھریلو الیکٹریکل سامان کا دائرہ کار وسیع کر دیا، جس کے تحت نئی اشیا پر ٹیکس سٹیمپ لگانا لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ایئر کنڈیشنر، فریج، فریزر، واشنگ مشین اور ٹیلی ویژن کو نئے قواعد میں شامل کیا گیا ہے جبکہ سٹوریج بیٹریوں پر بھی ان قواعد کا اطلاق ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق درآمدی سامان پر بھی ٹیکس سٹیمپ لگانا اور اسے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

آزاد کشمیر، ضلع باغ میں کلیئرنس آپریشن کامیاب، کوٹھیاں کے مقام پر دھرنا ختم

اہم شاہراہیں کھول دی گئیں، ضلع باغ کے تمام مواصلاتی راستے بھی کلیئر کر دیے گئے اور آمدورفت معمول پر آ گئی

مظفرآباد (سٹاف رپورٹر) آزاد جموں و کشمیر کے ضلع باغ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کلیئرنس آپریشن کرتے ہوئے کوٹھیاں کے مقام پر جاری دھرنا ختم کرا دیا، جس کے بعد اہم شاہراہیں کھول دی گئیں۔ کلیئرنس آپریشن کے نتیجے میں ضلع باغ کے تمام مواصلاتی راستے بھی کلیئر کر دیے گئے اور آمدورفت معمول پر آ گئی، دھرنا ختم ہونے سے علاقے میں امن و امان کی صورت حال (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر49)

اکتوبر میں ایل پی جی، آر ایل این جی کا درآمدی حجم کم ہو گیا

اکتوبر میں 24,019 ٹن درآمد کی گئی، ستمبر میں 37,019 میٹرک ٹن ایل پی جی درآمد کی گئی تھی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک بھر میں ایل پی جی اور آر ایل این جی کے بحران میں اضافہ ہو گیا۔ ستمبر کے مقابلے اکتوبر میں ایل پی جی اور آر ایل این جی کا درآمدی حجم کم ہو گیا ہے جبکہ اکتوبر میں پورٹ قاسم پر 6 جہازوں کے ذریعے ایل پی جی لائی گئی تھی۔ پورٹ قاسم پر ستمبر میں 019,37 میٹرک ٹن ایل پی جی درآمد کی گئی تھی، ستمبر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

سرگودھا، نہری پانی چوری کی روک تھام کے لیے کارروائیاں مزید تیز

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ آبپاشی پنجاب علی اکبر بھنڈر نے کہا کہ نہری پانی چوری کی روک تھام کے لیے کارروائیاں مزید تیز اور موثر اقدامات کے ساتھ ساتھ ای آبیانہ وصولیوں کے مقررہ اہداف کو بروقت حاصل کیا جائے گا۔ جس کے لیے کاشتکاروں کو ای آبیانہ نظام اور آن لائن ادائیگی کے طریقہ کار سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ آبپاشی پنجاب علی اکبر بھنڈر نے سرگودھا آمد پر ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری کے ہمراہ انسداد آبی چوری اور ای آبیانہ وصولیوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے محکمہ آبپاشی کے افسران (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر47)

جمرود میں مسلح افراد نے پولیو سپروائزر کو اغوا کر لیا

پشاور (سٹاف رپورٹر) جمرود کے علاقے چوری سے پولیو مہم کے دوران نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے پولیو سپروائزر کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا۔ ڈی پی او وقار احمد کے مطابق پولیو سپروائزر جلیل خان انسداد کو نامعلوم مقام پر لے گئے ہیں۔ پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

پنجاب بھر میں 29 پیسٹی سائیڈ کمپنیوں کی رجسٹریشن منسوخ، فعال ڈسٹری بیوٹرز کی فہرست سے خارج

جنڈانوالا (سٹاف رپورٹر) پنجاب بھر میں 29 پیسٹی سائیڈ کمپنیوں کی رجسٹریشن منسوخ، ڈیلرز کو مصنوعات کی خرید و فروخت سے روکنے کی ہدایت، محکمہ زراعت پنجاب نے مقررہ مدت میں رجسٹریشن کی تجدید نہ کروانے یا مالکان کی درخواست پر 29 پیسٹی سائیڈ کمپنیوں کی رجسٹریشن منسوخ کر کے انہیں فعال ڈسٹری بیوٹرز کی فہرست سے خارج کر دیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل زراعت (PW&QCP) پنجاب، لاہور کی جانب سے جاری کردہ سرکاری حکم نامے کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اور محکمہ ہائر ایجوکیشن کا صنفی تشدد کے خلاف 16 روزہ مہم میں اشتراک کا فیصلہ

24 نومبر سے شروع ہونے والی مہم میں پنجاب بھر کی یونیورسٹیاں حصہ لیں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی (پی ڈبلیو پی اے) اور محکمہ ہائر ایجوکیشن پنجاب نے صنفی تشدد کے خلاف 16 روزہ آگاہی مہم کو موثر بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ مہم کا آغاز 24 نومبر سے ہوگا، جس کا نعرہ "عہد سے عمل تک: محفوظ عورت، مضبوط پنجاب" مقرر کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں منعقدہ ویڈیو لنک اجلاس میں چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، ڈی جی پنجاب ویمن پروٹیکشن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر50)

پاکستان میں 2.25 ارب ڈالر کی لاگت سے لیتھیم بیٹریوں کی میگا فیکٹری لگانے کا منصوبہ

منصوبے سے بیٹری انرجی سٹوریج کی طلب 2030 تک ایک لاکھ میگاواٹ تک پہنچنے کا امکان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے توانائی کے شعبے میں خود انحصاری اور الیکٹرک گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات پوری کرنے کے لیے 2.25 ارب ڈالر کی لاگت سے لیتھیم آئن بیٹریوں کی میگا فیکٹری قائم کرنے کا منصوبہ تیار کر لیا ہے۔ مارگلہ ہیوی انڈسٹریز لمیٹڈ نے راولپنڈی میں بیٹری سازی کا کارخانہ قائم کرنے کے لیے چینی اور مقامی سرمایہ کاروں کے ساتھ معاہدہ کر لیا ہے جبکہ حکومتی پالیسی کی منظوری کے بعد آئندہ چھ سے آٹھ ماہ میں پیداوار شروع ہونے کی توقع ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو افسر حامد علی منصور نے بتایا کہ منصوبے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

رائے ونڈ عالمی تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ (آج) سے شروع

100 سے زائد ممالک کے مندوبین شرکت کریں گے، ہزاروں پولیس اہلکار ڈیوٹی پر مامور

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) رائے ونڈ میں سالانہ عالمی تبلیغی اجتماع کا پہلا مرحلہ آج بروز جمعرات سے شروع ہو رہا ہے، جس میں 100 سے زائد ممالک کے مندوبین سمیت ملک بھر سے لاکھوں فرزندان توحید شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق عالمی اجتماع کے لیے تمام تر تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں، پنڈال سج چکا ہے اور قافلوں کی آمد کا سلسلہ گزشتہ روز سے جاری ہے۔ شرکاء کی سکیورٹی کے لیے پولیس کے ہزاروں ملازمین کو ڈیوٹی پر مامور کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے سکیورٹی کے سخت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)


لاہور: نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کے لئے قائم رجسٹریشن کیمپ میں کھلاڑی رجسٹریشن کروا رہے ہیں۔

پنجاب حکومت کا سرکاری املاک پر ناجائز قبضوں اور بڑھتی ہوئی تجاوزات کا سخت نوٹس

سرگودھا (این این آئی) حکومت پنجاب نے سرگودھا سمیت صوبہ کے اضلاع میں سرکاری املاک پر ناجائز قبضوں اور بڑھتی ہوئی تجاوزات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے رپورٹ طلب کرتے ہوئے انتظامیہ کو قابضین کے خلاف کارروائی کا حکم دے دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے سرگودھا سمیت صوبہ بھر میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

فیصل آباد، پنک موبائل ٹیم نے طالبہ کو ہراساں کرنے والے ملزم کو دھر لیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد کے علاقے مدینہ ٹاؤن میں پنک موبائل پولیس اسٹیشن کی ٹیم نے طالبہ کو ہراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس پنجاب کے مطابق پی ایس آئی ٹی کی طالبہ نے پنک موبائل پولیس اسٹیشن میں ہراسگی کی شکایت درج کرائی تھی جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ایس ایچ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر39)

کراچی، سوئی سدرن نے گھریلو صارفین کیلئے گیس فراہمی کے اوقات تبدیل کر دیے

کراچی (سٹاف رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی نے گھریلو صارفین کیلئے گیس فراہمی کے اوقات کار میں تبدیلی کر دی۔ ایس ایس جی سی کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق صبح ساڑھے 6 سے 9 بجے تک گھریلو صارفین کو گیس فراہم کی جائے گی۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ دوپہر 12 سے ڈھائی بجے تک گیس کی فراہمی جاری رہے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (سٹاف رپورٹر) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 25 ہزار کیوسک اور اخراج 58 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 400 (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)


لاہور: شہری جیلانی پارک میں یوگا کرتے ہوئے۔

فضل الرحمان کے مبینہ مالی معاون کو ایف آئی اے نوٹس جاری

فضل الرحمان کے مبینہ مالی معاون محمد اکرم خان پانیزئی کے خلاف ایف آئی اے نے انکوائری شروع کر کے نوٹس جاری کر دیے

محمد اکرم خان پانیزئی کو ایف آئی اے نے 2 نومبر کو متعلقہ دستاویزات اور شواہد سمیت پیش ہونے کی ہدایت کی

مولانا فضل الرحمان کے مبینہ مالی معاون محمد اکرم خان پانیزئی کو ایف آئی اے کے متعدد طلبی نوٹس جاری کر دیے گئے۔ فضل الرحمان کے مبینہ مالی معاون محمد اکرم خان پانیزئی کے خلاف ایف آئی اے نے انکوائری شروع کر کے نوٹس جاری کر دیے، محمد اکرم خان پانیزئی کو ایف آئی اے نے 2 نومبر کو متعلقہ دستاویزات اور شواہد سمیت پیش ہونے کی ہدایت کی تھی۔ ایف آئی اے نے محمد اکرم خان پانیزئی کو سابقہ نوٹس کے تسلسل میں دوبارہ طلبی کا نوٹس جاری کر کے 4 نومبر کو انکوائری میں پیش ہونے کی ہدایت کی۔ محمد اکرم خان پانیزئی کے حوالے سے ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل اسلام آباد کے تحت نوٹس جاری کیے گئے، ایف آئی اے نے محمد اکرم خان پانیزئی کو انکوائری میں اپنا موقف پیش کرنے اور متعلقہ دستاویزی و ڈیجیٹل شواہد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔


رائے ونڈ: تبلیغی مرکز روڈ پر ٹریفک جام کا منظر۔

امریکی عوام نے جنگ کے خلاف فیصلہ دے دیا: ایرانی سپیکر

امریکی عوام نے ضمیر کی آواز سنی اور واضح طور پر جنگ کو مسترد کر دیا ہے، ہم بھی امریکی عوام کے اس پیغام کی حمایت کرتے ہیں

سپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ امریکی حکومت بلیک میل کرنے والوں کے مفادات کیلئے کام کرے گی تو اسے شکست ہوگی

تہران (آن لائن) سپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر غالیباف نے کہا ہے کہ امریکی عوام نے جنگ کے خلاف فیصلہ دے دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں باقر غالیباف کا کہنا تھا کہ امریکی عوام نے ضمیر کی آواز سنی اور واضح طور پر جنگ کو مسترد کر دیا ہے، ہم بھی امریکی عوام کے اس پیغام کی حمایت کرتے ہیں۔ سپیکر ایرانی پارلیمنٹ نے کہا کہ امریکی حکومت بلیک میل کرنے والوں کے مفادات کیلئے کام کرے گی تو اسے شکست ہوگی۔ دوسری جانب امریکی وسط مدتی انتخابات کے ابتدائی نتائج کے مطابق ایوان نمائندگان میں ڈیموکریٹک امیدواروں کو ریپبلکنز پر برتری حاصل ہے، جبکہ سینیٹ کے نتائج میں بھی ڈیموکریٹس کی کامیابی رپورٹ کی گئی ہے۔ ون کانسٹیٹیوشن فلیٹس کا معاملہ، عمران خان سمیت 7، 8 افراد کلیم ثابت کرنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر61)


قصور: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ قصور ڈاکٹر محمد کلیم اہم جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

گوجر خان، عثمان ہوٹل میں معمولی تنازع پر لڑائی، ایک شخص جاں بحق، دو افراد زخمی

گوجر خان میں فائرنگ کے بڑھتے واقعات اور غیر قانونی اسلحے کے استعمال نے سنجیدہ سوالات کھڑے کر دیے

گوجر خان (سٹاف رپورٹر) تھانہ گوجر خان کے علاقے مسہ کسوال اڈہ پر واقع عثمان ہوٹل میں معمولی تنازع پر ہونے والے لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ گوجر خان میں فائرنگ کے بڑھتے واقعات اور مبینہ طور پر غیر قانونی اسلحے کے استعمال نے امن و امان کی صورتحال پر سنجیدہ سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ درج ایف آئی آر کے مطابق فواد علی، اس کے چچا زاد اکت حسین عرف ناصر، کزن خاور ایوب اور دیگر افراد مسہ کسوال اڈہ پر موجود تھے کہ احمد طاہر نے انہیں بتایا کہ عثمان ہوٹل میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)


لاہور: صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر دیگر کے ہمراہ ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

ڈیجیٹل ذرائع حق خودارادیت کی تحریکوں کو دبانے کیلئے استعمال کئے جا رہے ہیں، پاکستان

میڈیا قوانین کے ذریعے اختلافی آوازوں کو خاموش اور زمینی حقائق کو مسخ کیا جاتا ہے، امانت علی

نیویارک (سٹاف رپورٹر) پاکستان نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل ذرائع کو حق خودارادیت کی تحریکوں کو دبانے کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے، ٹیکنالوجی کی بڑی عالمی کمپنیاں جدید ٹیکنالوجی، سنسرشپ اور ڈیجیٹل نگرانی کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے حق خودارادیت کی جائز تحریکوں کو دبانے اور عوامی رائے کو اپنے مقاصد کے لیے متاثر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے پریس قونصلر امانت علی نے جنرل اسمبلی کی چوتھی کمیٹی برائے خصوصی سیاسی اور نوآبادیاتی امور میں اطلاعات سے متعلق امور کے جائزے کے آغاز پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انٹرنیٹ کی بندش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

ڈنہانگ ایکسپو، پاکستانی مصنوعات چینی صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئیں

ڈنہانگ (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی ہاتھ سے تیار کردہ گلابی لکڑی، پیتل اور پتھر کی مصنوعات شمال مغربی چین کے شہر ڈنہانگ میں منعقدہ ثقافتی نمائش میں شائقین کی توجہ کا مرکز بن گئیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نمائش میں پاکستان کے دو نمائش کنندگان اپنی دستکاریوں کے ساتھ شریک ہوئے، ان میں سے ایک کمپنی خان ٹریڈرز، جسے دو بھائی چلاتے ہیں، اپنے اسٹال پر تقریباً 100 مختلف مصنوعات پیش کیں۔ کمپنی کے چھوٹے بھائی نعیم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

لاہور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 6313 ملزمان گرفتار

منشیات سے پاک لاہور کے لیے پُرعزم ہیں، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) منشیات سے پاک لاہور کے لیے پُرعزم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے حوالے سے آج یہاں جاری اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے مستقبل سے کھیلنے والے معاشرے کا ناسور ہیں، انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ سی سی پی او لاہور نے تعلیمی اداروں اور ہاسٹلز کے گردونواح میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز مزید تیز کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کی خرید و فروخت اور سپلائی چین کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ ترجمان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

کشمیر چوک انڈر پاس دورہ، کشمیر چوک انڈر پاس 27 روز کی ریکارڈ مدت میں مکمل، (آج) ٹریفک کے لیے کھول دیا جائیگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت میں فلاح عامہ کا ایک اور اہم ترقیاتی منصوبہ صرف 27 روز کی ریکارڈ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچ گیا ہے جس کے تحت کشمیر چوک انڈر پاس کو (کل) جمعرات کے روز باضابطہ طور پر ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے رات گئے کشمیر چوک انڈر پاس کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں تاریخی اضافہ ریکارڈ

بازار حصص میں سرمایہ کاروں کی تعداد تاریخی اضافے کے بعد 6 لاکھ 81 ہزار 965 تک پہنچ گئی ہے

کراچی/اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد تاریخی اضافے کے بعد 6 لاکھ 81 ہزار 965 تک پہنچ گئی ہے، جسے حکومتی معاشی پالیسیوں کا مثبت اثر قرار دیا جا رہا ہے۔ وفاقی مشیر برائے اقتصادی و مالیاتی اصلاحات خرم شہزاد کے مطابق اکتوبر 2026 کے دوران اسٹاک مارکیٹ میں ریکارڈ 25 ہزار 747 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے، جو گزشتہ سال اکتوبر کے مقابلے میں 66 فیصد زیادہ ہیں، سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی تعداد مالیاتی مارکیٹ میں عوامی دلچسپی میں اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ 2026 کے پہلے 10 ماہ میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

علی ڈار کی بیٹے کے ہمراہ دل کو چھو لینے والی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

علی ڈار اپنے بیٹے کو پیار کرتے، گلے لگاتے اور اس کے ہاتھ و گال پر بوسہ دیتے نظر آئے، رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کے مشیر علی ڈار کے اپنے بیٹے ابراہیم کے ہمراہ سرتال میوزک اکیڈمی میں گزارے خوشگوار لمحات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ علی ڈار نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں وہ اپنے بیٹے ابراہیم کے ہمراہ لاہور کی سرتال میوزک اکیڈمی میں بچوں اور نوجوان فنکاروں کے درمیان بیٹھے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

پاکپتن، کرپشن کیخلاف کارروائی، ایس ایچ او تھانہ فرید نگر اور اے ایس آئی معطل

شہریوں کے ساتھ ناانصافی کے معاملے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے، آر پی او رانا ایاز سلیم

پاکپتن (سٹاف رپورٹر) پاکپتن میں کرپشن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے آر پی او رانا ایاز سلیم نے تھانہ فرید نگر کے ایس ایچ او افضل جتوئی اور اے ایس آئی ساجد کو معطل کر دیا۔ آر پی او رانا ایاز سلیم نے کہا ہے کہ بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ شہریوں کے ساتھ ناانصافی کے معاملے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جا رہا ہے۔

فضل الرحمان کے قریبی رفقا کیخلاف ادارے متحرک، مولانا کی اسلام آباد رہائشگاہ کے مالک کو بھی نوٹس جاری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ فضل الرحمان کے قریبی ساتھی امان اللہ کو ایف آئی اے اور سی ڈی اے نے نوٹس جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فضل الرحمان کے اہل خانہ اور قریبی رفقا کے خلاف مالی بے ضابطگیوں اور قانونی خلاف ورزیوں پر مختلف ادارے متحرک ہو گئے۔ ایف آئی اے کمرشل بینکنگ سرکل نے امان اللہ کو بیان ریکارڈ کرانے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر65)

آزاد کشمیر، ضلع باغ میں کلیئرنس آپریشن کامیاب، کوٹھیاں کے مقام پر دھرنا ختم

علاقے میں امن و امان کی صورت حال بہتر، شہریوں کو درپیش سفری مشکلات کا بھی خاتمہ ہو گیا

باغ (سٹاف رپورٹر) آزاد جموں و کشمیر کے ضلع باغ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے کلیئرنس آپریشن کرتے ہوئے کوٹھیاں کے مقام پر جاری دھرنا ختم کرا دیا جس کے بعد اہم شاہراہیں کھول دی گئیں۔ کلیئرنس آپریشن کے نتیجے میں ضلع باغ کے تمام مواصلاتی راستے بھی کلیئر کر دیے گئے اور آمدورفت معمول پر آ گئی، دھرنا ختم ہونے سے علاقے میں امن و امان کی صورت حال بہتر ہوئی، جبکہ شہریوں کو درپیش سفری مشکلات کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ قانون اور ریاست کی بالادستی یقینی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

چونیاں ٹی ایچ کیو ہسپتال میں ڈاکٹر پر تشدد، مقدمہ درج

چونیاں (سٹاف رپورٹر) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونیاں میں مریض کے لواحقین کی جانب سے ڈاکٹر پر مبینہ تشدد کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کی ایمرجنسی میں گزشتہ رات لواحقین نے ڈیوٹی ڈاکٹر معیز ارشد پر لاتوں گھونسوں سے پٹائی کی، کرسیوں سے حملہ کر دیا تھا، پر تشدد حملے میں ڈاکٹر معیز زخمی ہوا، انکے کپڑے پھٹ گئے، عملہ کا ایک شخص زخمی ہوا اور سٹیتھو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)


لاہور: محنت کش سائیکل پر مچھلیاں فروخت کر رہا ہے۔

غیر ملکی خاتون مبینہ زیادتی کیس کے ملزم کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق فیصلہ محفوظ

ملزم احمد تنویر کو ڈیانا زیادتی کیس میں ضمانت ملنے کے بعد دوسرے مقدمہ میں گرفتار کیا گیا تھا

لاہور (سٹاف رپورٹر) غیر ملکی خاتون مبینہ زیادتی کیس کے ملزم کے جسمانی ریمانڈ سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا گیا۔ غیر ملکی خاتون ڈیانا سے مبینہ زیادتی کیس کے ملزم احمد تنویر کے خلاف اغوا اور تشدد سے متعلق کیس پر سماعت ہوئی، احمد تنویر اور احتشام کو جسمانی ریمانڈ کیلئے جوڈیشل مجسٹریٹ افضال اللہ کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ ایڈووکیٹ صفدر شاہین پیرزادہ نے دلائل دیے، پولیس کی طرف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

اسلام آباد بلدیاتی الیکشن، تاحال 39 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے، آخری تاریخ چھ نومبر مقرر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2026 کے لیے گزشتہ شام تک مجموعی طور پر صرف 39 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 2026 کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا سلسلہ بدھ کو بھی جاری رہا تاہم امیدواروں کی جانب سے عدم دلچسپی سامنے آئی، 3 نومبر تک بلدیاتی انتخابات کے لیے 1665 کاغذات نامزدگی جاری کیے جا چکے ہیں، کاغذات نامزدگی جمع کرانے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر56)

اتحاد امت اور فکر اقبال پر عمل وقت کی اہم ضرورت ہے: ارحم ادریس باجوہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ارحم ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ علامہ اقبال کی سوچ اور فکر بین الاقوامی تھی جس نے مسلمان دنیا کو درپیش مسائل کی نشاندہی کے ساتھ ساتھ ان کے حل کی تجاویز بھی پیش کی ہیں۔ عظیم شاعر علامہ اقبال کے تصور خودی نے مسلمانوں کو عظیم قوت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا پیغام محض فلسفہ نہیں بلکہ ایک تحریک بیداری ہے، راجہ سکندر خان

جس نے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی، خودداری اور قومی شعور کو جنم دیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل کے چیئرمین راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا پیغام محض فلسفہ نہیں بلکہ ایک تحریک بیداری ہے جس نے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی، خودداری اور قومی شعور کو جنم دیا۔ اقبال کی انقلابی تحریک نیا قوم کو بیداری کا درس دیا، علامہ محمد اقبال کا فلسفہ خودی دراصل ایک ایسی فکری و روحانی تحریک ہے جو انسان کو اپنی حقیقت پہچاننے، خود اعتمادی پیدا کرنے اور معاشرتی انقلاب کی طرف گامزن ہونے کا درس دیتی ہے۔ گلوبل پاک کشمیر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

وفاقی آئینی عدالت نے سرکاری بھرتیوں میں پس منظر کی جانچ پڑتال کے لیے 6 اہم آئینی اصول جاری کر دیے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی آئینی عدالت نے پولیس میں بھرتی سے قتل مقدمے سے بریت کے باوجود نااہل قرار دینے سے متعلق کیس میں سرکاری بھرتیوں میں پس منظر کی جانچ پڑتال کے لیے 6 اہم آئینی اصول جاری کر دیے۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت امین الدین خان نے تحریری فیصلہ جاری کیا جس میں کہا گیا کہ محض ایف آئی آر کا اندراج خود بخود سرکاری ملازمت سے نااہلی کی بنیاد نہیں بنے گا، عدالتی بریت کو تسلیم کیا جائے گا اور امیدوار کے پس منظر و اہلیت کا معروضی جائزہ لیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر66)


لاہور: ویٹ مین روڈ پر سبزی فروش نے پیاز خشک کرنے کے لئے سڑک پر پھیلا رکھے ہیں۔



لاہور: دکاندار مچھلی سجائے گاہکوں کا منتظر ہے۔